علمی و تحقیقی مجلّہ
ششماہی

معارف اسلامی

جلد: 7 جنوری/ جون 2008 شمارہ: 1
ISSN: 1992-8556

سرپرست: پروفیسر ڈاکٹر محمود الحسن بٹ (وائس چانسلر)
مدیر مسئول: پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

مجلس ادارت

- پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خان خاکوانی
- ڈاکٹر عزالدین بن زبیغہ
- پروفیسر ڈاکٹر عطاء اللہ صدیقی
- پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ علوی
- پروفیسر ڈاکٹر کورنل منصور
- پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق
- پروفیسر ڈاکٹر اختر سعید صدیقی
- ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی
- ڈاکٹر محمد میاں صدیقی
- ڈاکٹر فضل اللہ

مدیر: ڈاکٹر محمد سجاد سرورق: خالد یوسفی
تزئین: اشتیاق حسین شاہ نگران: شہاب الدین شہاب

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

رابطے کے لئے ..... مجلّہ ''معارف اسلامی'' کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

بلاک نمبر 12، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی H/8، اسلام آباد۔
Ph: 051-9250084-051-9057820
E-mail: chishtisabri_aiou@yahoo.com
www.aiou.edu.pk

طباعت ..... مارشل پرنٹنگ پریس صدر، راولپنڈی۔ فون: 5125659-60

ناشر ..... علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مجلس مشاورت

1- پروفیسر ڈاکٹر انوار حسین صدیقی
صدر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

2- پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی
پروفیسر کلیہ قانون وشریعہ، بین الاقوامی اسلامی یورسٹی، اسلام آباد۔

3- پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد
وائس چانسلر، انٹرنیشنل رفاہِ یونیورسٹی، اسلام آباد۔

4- ڈاکٹر ایس۔ایم۔زمان
سابق ڈائریکٹر جنرل شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

5- ڈاکٹر جمیلہ شوکت
سابق ڈائریکٹر شیخ زائد اسلامک سنٹر، لاہور۔

6- ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی
سابق ڈین، کلیہ شریعہ وقانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

7- پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی
ادارۂ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

8- پروفیسر ڈاکٹر عبدالمقصود
کلیہ اصول الدین، جامعۃ الأزھر، قاہرہ۔

9- پروفیسر مستنصر میر
ینگز ٹاؤن یونیورسٹی، امریکہ

10- ڈاکٹر عبدالقادر سلیمان
سابق چیئرمین، شعبہ علوم اسلامیہ، پشاور یونیورسٹی، پشاور۔

معارف اسلامی میں مقالہ کی اشاعت سے متعلقہ قواعد

معارف اسلامی میں صرف وہی مقالات شائع کیے جاتے ہیں جو درج ذیل قواعد کے مطابق ہوں:

1- مقالہ میں اصالت اور گہرائی پر مبنی تحقیق ہو اور موجودہ علم میں اضافے پر مبنی ہو۔

2- مقالہ کے حواشی و حوالہ جات اصولِ تحقیق کے مطابق ہو۔

3- مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت مصنف، کتاب کے ناشر اور مقام اشاعت کے متعلق مکمل معلومات معہ صفحہ نمبر اور جلد نمبر وغیرہ فراہم کریں۔ ایک ہی مصدر/مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

4- مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز شدہ ہونا چاہیے۔

5- مقالہ کی ضخامت 30 صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

6- مقالہ نگار مقالہ کی تین مطبوعہ نسخے Printed Copies اور ایک Electronic Copy فراہم کرے۔

7- مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ یا کسی اور جگہ اشاعت کے لیے نہ دیا گیا ہو۔

8- مقالہ نگار اپنے مقالہ کا انگریزی میں ملخص Abstract جو کہ ایک صفحہ سے زیادہ نہ ہو فراہم کرے گا۔

9- وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی منظوری سے مقالہ تجزیہ کے لیے منظور شدہ ماہرین میں سے دو ماہرین کے پاس بھیجا جائے گا۔

10- ماہرین سے ایک مہینے کے اندر اندر مقالہ کی جانچ پڑتال کی درخواست کی جائے گی۔

11- مدیر مسؤل مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا۔ نیز اگر کسی مقالہ میں تبدیلی کی ضرورت ہوگی تو اس کے لیے بھی مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔

12- ہر مقالہ نگار کو شائع شدہ مجلّہ کی 2 کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔

13- ہر مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مقالہ نگار پر ہوگی۔ مجلس ادارت یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔

اشارات

ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی طرف سے نومبر 2007ء اور پھر مارچ 2008ء میں بالترتیب قومی کمیٹی برائے اصلاح نصاب کے دو (2) اجلاس منعقد ہوئے۔ جن کا بنیادی ہدف علوم اسلامیہ کے مجال میں بی۔اے آنرز اور ایم۔اے آنرز کے نصاب اور کورسز کی تفصیلات کو (Revise) کرنا تھا۔

پہلا اجلاس ہائر ایجوکیشن کمیشن کے صدر دفتر اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ جب کہ دوسرے اجلاس کا اہتمام کراچی کے علاقائی دفتر نے کیا۔ دونوں اجلاسوں میں پاکستان کے تقریباً تمام جامعات کے شعبہ ہائے اسلامیات کے صدور اور علوم اسلامیہ کے معروف و مشہور اساتذہ نے شرکت کی۔

اسلام آباد میں منعقد ہونے والے اجلاس کے شرکاء نے بی۔اے (آنرز) اور ایم۔اے (آنرز) کے نصاب کا بہت تفصیل کے ساتھ جائزہ لیا..... اور 2005ء میں جو نصاب ترتیب دیا گیا تھا اُس میں بڑی حد تک ترامیم اور اضافوں کی تجاویز دیں۔

اس اجلاس میں پیش کی گئی تجاویز کو معروضی اسلوب میں دیکھا جائے تو انہیں بہت مفید، مثبت اور قابل عمل پہلو سے تعبیر کیا جا سکتا ہے ____ دوسرے اجلاس میں زیادہ تر گفتگو تدریس کے لئے موضوعات اور مضامین کی تقسیم پر ہوئی۔ اس موقع پر ہر ہر مضمون کے ذیلی مباحث کو Credit Hours کے مطابق adjust کیا گیا۔ یہ ایک تفصیل طلب موضوع تھا جس پر شرکاء اجلاس نے دو دن تفصیل کے ساتھ بحث و تمحیص کی اور بڑی محنت کے ساتھ اس کی تشکیل اور تخطیط مکمل کی۔

ان دونوں اجلاسوں کی کارروائی اب تک منظر عام پر نہیں آئی۔ ممکن ہے اسے حتمی شکل دینے کے لئے مزید کچھ عرصہ درکار ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ان دونوں اجلاسوں کی کارروائی کو حتمی شکل دینے کے لئے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی طرف سے تیسرا اجلاس منعقد ہو۔ اور اس میں مزید گفت و شنید کے بعد تفصیلات اور

جزئیات پر اتفاق ہو جائے ____ بہر حال جو بھی صورت ہو۔ یہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ایک قابل تعریف کوشش اور لائق توصیف اقدام ہے ____ ضرورت اس بات کی ہے کہ بی۔اے (آنرز) اور ایم۔اے (آنرز) کے نصاب اور کورسز کی تخطیط و تنظیم کے لئے جو قابل قدر کاوش کی گئی ہے اسے صحیح معنوں میں عملی جامہ پہنایا جائے ____ اور اس کے نفاذ کے ضمن میں ممکنہ احتمالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایسی صورت اختیار کی جائے جو جامعات اور کلیات کی انتظامیہ کے لئے قابل قبول ہو نیز طلبہ و طالبات کے لئے مفید بھی ہو اور ان کے روشن مستقبل کا ضامن بھی ہو ____

اس سلسلہ میں ''معارف اسلامی'' ہائر ایجوکیشن کمیشن کی خدمت میں درج ذیل معروضات پیش کرتا ہے

(i) اس وقت ہمارے ہاں بی۔اے کا دورانیہ دو (2) سال پر محیط ہے۔ جو طلبہ ایف۔اے کرنے کے بعد بی۔اے کرنا چاہتے ہیں ____ ان میں بہت بڑی تعداد ڈگری کالجز میں داخلہ لیتے ہیں یہ طلبہ دو سال پڑھنے کے بعد بی۔اے کی مستقل ڈگری حاصل کر لیتے ہیں۔ جس کی بنیاد پر وہ ایم۔اے کرنے کے لئے کسی یونیورسٹی کا رُخ کرتے ہیں ____ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو اس بارے میں وضاحت کرنی چاہیے کہ بی۔اے آنرز جس کا دورانیہ آٹھ سمسٹرز یعنی چار سال پر محیط ہے۔ اس کے اطلاق اور تنفیذ کے بعد وہ لاکھوں طلبہ جو ہر سال ایف۔اے کا امتحان پاس کرتے ہیں۔ مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے کن تعلیمی اداروں کا رُخ کریں گے۔ آیا وہ موجودہ ڈگری کالجز میں داخلہ لیں گے یا پاکستان میں موجودہ جامعات میں داخلہ لینے کی کوشش کریں گے ____ اگر یہ طلبہ جامعات میں داخلہ لینے کے لئے درخواست دیں گے تو موجودہ جامعات میں اتنی گنجائش نہیں کہ ان لاکھوں طلبہ کو اپنے اندر سمیٹ سکیں ____ اگر ڈگری کالجز میں داخلہ لیں گے تو موجودہ ڈگری کالجز قطعاً اس قابل نہیں کہ بی۔اے آنرز کے لئے مرتب شدہ نصاب اور کورسز کی تعلیم و تدریس کا انتظام و انصرام کر سکیں۔ اس وقت پاکستان میں قائم ڈگری کالجز کی صورت حال کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ____ ان کالجز کا انفراسٹرکچر بالکل

غیر معیاری اور تدریس عملہ کلیۃً کس ہر کس کا شکار ہے ــــــ کالجز میں اساتذہ کی ترقی کا معیار محض تدریسی تجزیہ ہوتا ہے ــــــ تعلیمی قابلیت اور تحقیقی کام گنتی میں نہیں آتا ــــــ اس لئے کالجز میں بیشتر اساتذہ زندگی بھر اپنی بنیادی قابلیت پر انحصار کرتے ہیں۔ وہ اساتذہ بہت خوش قسمت کہلاتے ہیں جنہیں بیس پچیس سال کے بعد اگلے مرحلے میں ترقی مل جاتی ہے ــــــ اب تو سونے پر سہاگہ یہ کہ کالجز میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر اساتذہ کی بھرتی ہوتی ہے جو اساتذہ کنٹریکٹ کی بنیاد پر کام کرتے ہیں۔ وہ اپنی تعلیمی قابلیت کے بڑھاوے کے لئے سوچیں تو کیسے سوچیں انہیں تو گریڈ کے متعلقہ سہولیات اور مراعات تک سے محروم رکھا جاتا ہے ــــــ ان زمینی حقائق کی موجودگی میں جو طلبہ موجودہ ڈگری کالجز میں داخلہ لے کر بی۔اے آنرز کرنے پر مجبور کئے جائیں گے۔ سوچنے کی بات ہے کہ اس عمل کے نتائج کس شکل میں برآمد ہوں گے اور کوالٹی ایجوکیشن کے سلوگن کا کیا حشر ہوگا۔

(ii) ہمارے ہاں اس وقت وہ طلبہ وطالبات، جو ہر سال مختلف جامعات سے بی۔اے اور ایم۔اے کا امتحان پرائیوٹ حیثیت میں دیتے ہیں اور لاکھوں کی تعداد میں اس تعداد میں اکثر وبیشتر گھریلو خواتین، ملازم بیشتر حضرات اور وہ طلبہ شامل ہوتے ہیں جو باقاعدہ تعلیمی اداروں میں داخلہ لینے اور تعلیمی اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے ــــــ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو اس بات کی وضاحت کرنی چاہیے کہ بی۔اے آنرز، جس کے حصول کے لئے طلبہ کو تعلیمی اداروں میں داخلہ لے کر باقاعدگی سے پڑھنا لازمی ہوگا۔ اس کے اطلاق اور نفیذ کے بعد وہ طلبہ، جو اپنی محنت اور ذاتی مطالعہ کی بنیاد پر بی۔اے یا ایم۔اے کے امتحان میں شرکت کرنا چاہیں گے ــــــ وہ کہاں امتحان دیں گے اور کس طرح امتحان دیں گے آیا انہیں اجازت ہوگی کہ وہ بی۔اے آنرز میں داخلہ لے کر آٹھ سمسٹرز تک ہر ایک سمسٹر کے کورسز کی تیاری کریں اور امتحانات دیتے رہیں ــــــ یا انہیں ذاتی محنت اور ذاتی مطالعہ

کی بنیاد پر امتحانات دینے کی سہولت اور بی۔اے آنرز کی ڈگری کے حصول کی فضیلت سے محروم رکھا جائے گا۔

(iii) وہ ہزاروں طلبہ جو ہر سال بی۔اے کرنے کے بعد پروفیشنل کالجز میں داخلہ لیتے ہیں مثلاً بی۔ایڈ کرنے کے لئے کالجز آف ایجوکیشن میں داخل ہوتے ہیں یا قانون کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے لاء کالجز میں ایڈمیشن لیتے ہیں۔ہائیر ایجوکیشن کمیشن کو اس بات کی وضاحت کرنی چاہیے کہ ایسے طلبہ کو کس مرحلہ پر exit دیا جائے گا۔آیا یہ طلبہ بی۔اے آنرز مکمل کرنے کے بعد پروفیشنل کالجز میں داخلہ لیں گے یا انہیں بی۔اے آنرز کے ابتدائی چار سمسٹرز مکمل کر لینے کے بعد پروفیشنل کالجز میں داخلہ لینے کی خاطر کوئی خاص قسم کی ڈگری عطا کی جائے گی_____

مذکورہ بالا تین نکات کے علاوہ اور بھی کئی ایسے سوالات ہیں جو مجوزہ بی۔اے آنرز کی تنفیذ اور اطلاق کے ضمن میں معقول جوابات کے متقاضی ہیں۔

''معارفِ اسلامی'' کا موجودہ شمارہ حسب سابق شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر محمود الحسن بٹ صاحب کی رہنمائی اور ہدایات کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے تحقیقی مقالات کے لئے جو پالیسی وضع کی ہے اس پالیسی کو مدنظر رکھ کر مقالات کا انتخاب اور Evaluation کرائی گئی ہے۔اس شمارہ کی ترتیب وتدوین کے سلسلے میں مجلس ادارت کے ارکان نے جو تعاون کیا ہے میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔جن اساتذہ اور محققین نے مقالات مرتب کیے ہیں ان کا ممنون ہوں۔اس شمارہ میں جو بھی خوبی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور توفیق وتائید کا نتیجہ ہے اور جو کمی اور خامی ہے وہ میری کم علمی اور بے بضاعتی کی وجہ سے ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

مدیر مسؤل ''معارفِ اسلامی''

شرکاء کا تعارف

حصۂ اردو

❶ ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی،

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ قرآن وتفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

❷ ڈاکٹر محمد ادریس لودھی،

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاءالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

❸ شاہ محی الدین ہاشمی

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

❹ ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمٰن

ایسوسی ایٹ پروفیسر/ مدیر ''فکر ونظر'' ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

حصۂ عربی

❺ ڈاکٹر احمد جان،

ایسوسی ایٹ پروفیسر، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

❻ ڈاکٹر محمد نواز الحسنی،

اسسٹنٹ پروفیسر، کلیۃ الشریعۃ والقانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

❼ ڈاکٹر فضل اللہ،

اسسٹنٹ پروفیسر، کلیۃ اللغۃ العربیۃ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

فہرست

○ اشارات	مدیر مسؤل	v
✍ مصنفات کی ترتیب وتدوین کے اسالیب ومناہج	ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی	1
✍ خواتین کی تعلیم وترقی اسوۂ رسول اور تعامل امت کے تناظر میں [ایک تقابلی جائزہ]	ڈاکٹر محمد ادریس لودھی	25
✍ قرضوں کی اشاریہ بندی۔ [اجتماعی اجتہاد کے اداروں کے کام کا جائزہ]	محی الدین ہاشمی	55
✍ شرائع سابقہ، عرب جاہلیہ اور اسلام	ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمٰن	103
✍ شبهات حول الأمر بالمعروف و النهي عن المنكر	ڈاکٹر احمد جان	117
✍ ماهية الإلتزام ـ أنواعه و مصادره	ڈاکٹر محمد نواز الحسنی	147
✍ بلاغة العطف بالواؤ في القرآن الكريم	ڈاکٹر فضل اللہ	189



حصّہ اردو

مصنفات کی ترتیب وتدوین کے اسالیب ومناہج

[مصنف عبدالرزاق ومصنف ابن أبی شیبہ]

* ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی

انسانی زندگی کے ہر ایک میدان میں احادیث رسول ﷺ کی ضرورت واہمیت کے پیش نظر مسلمانوں نے عہد رسالت ہی میں خاص شغف واہتمام کے ساتھ حفظ وکتابت کے طور پر ان کی جمع وتدوین کا کام شروع کر دیا تھا۔ یہ کام تسلسل کے ساتھ آگے بڑھتا گیا اور رسائل، معاہدات، صحف اور کتب کی صورت اس کے نتائج وثمرات معرض وجود میں آتے گے۔ احادیث رسول ﷺ کی تدوین وترتیب احادیث کے اس مسلسل اور خلوص نیت پر مبنی سفر میں محدثین حضرات نے اپنے اپنے ذوق کے مطابق اور خاص اغراض ومقاصد کے حصول کی خاطر مختلف النوع اسالیب ومناہج ایجاد کیے جو ارتقائی عمل سے گزرتے ہوئے نقطہ عروج پر جا پہنچتے رہے اور ہر ایک اسلوب ومنہج پر مدون ہونے والی کتب معرض وجود میں آتی گئیں، جیسے جوامع، سنن، مسانید، موطآت، مصنفات اور معاجم وغیرہ۔ تدوین احادیث کے ان اسالیب میں سے اس مقالہ میں صرف اسلوب مصنفات اور اس پر مدون ہونے والی کتب میں سے صرف مصنف عبدالرزاق اور مصنف ابن أبی شیبہ کے اسلوب ترتیب وتدوین کو مختصر انداز میں بیان کیا جاتا ہے:

اسلوبِ مصنفات کا تعارف

محدثین حضرات میں سے بعض نے اپنے ذوق اور خاص نقطۂ نظر کے مطابق صرف احکام سے تعلق رکھنے والی مرفوع (1) وموقوف (2) اور مقطوع (3) نوعیت کی مرویات کو فقہی کتب وابواب کے اسلوب (4) پر مدون ومرتب کرنا شروع کیا اور جو کتب تیار ہوئیں انہیں ''مصنفات'' کے نام سے موسوم کیا۔ اس طرح تدوین حدیث کے اسلوب ابواب کی، موطآت (5) کے بعد، ایک اور شاخ یا صنف ظہور پذیر ہوئی جو ''مصنفات'' کے نام سے مشہور ہوئی مصنفات مصنف کی جمع ہے۔

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ قرآن وتفسیر کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

مصنف کا مفہوم

لغت میں مصنَّف، تصنیف (باب تفعیل) مصدر سے اسم مفعول کا صیغہ ہے جس کے معنی ہیں ترتیب شدہ، لسان العرب میں ہے:" التصنيف : تميز الأشياء بعضها من بعض ، وصنف الشيء ميز بعضه من بعض ، و تصنيف الشي : جعله أصنافاً "(6)۔

محدثین کی اصطلاح میں مصنف کا اطلاق حدیث کی اس کتاب پر ہوتا ہے جس میں احادیثِ احکام فقہی کتب وابواب کے اسلوب پر مدون و مرتب کی گئی ہوں اور یہ احادیث مرفوع، موقوف اور مقطوع نوعیت کی ہوں(2)۔ گویا مصنف میں موطا کی طرح احادیث رسول ﷺ کے ساتھ ساتھ اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم اور فتاوی تابعین رحمہم اللہ بھی ہوتے ہیں۔ان دونوں میں سوائے نام کے کوئی فرق نہیں ہے۔

کتبِ مصنفات کی تألیف کا آغاز وارتقاء

ذیل میں کتب مصنفات کی فہرست پیش کی جاتی ہے جس سے ان کے آغاز وارتقاء کا علم ہوتا ہے:

① مصنف أبي الصلت زائدة بن قدامة الثقفي الكوفي (م163ھ) (3)۔ ان کی مصنف کو معاويه بن عمر الأزدي (م211ھ) نے روایت کیا(7)۔

② مصنف أبي سلمة حماد بن سلمة البصري البزاز (کپڑا فروش) (م167ھ)(8)۔

③ مصنف أبي عتبة اسماعيل بن عياش العَنْسِي الحِمْصِي (م181ھ)۔ یہ حمص کے رہنے والے چوٹی کے عالم اور شام کے نامور محدث ہیں(9)۔

④ مصنف أبي سفيان وكيع بن الجراح بن مليح الرواسي الكوفي (م197ھ)(7)۔اس مصنف کو عباس بن غالب وراق (م233ھ) نے روایت کیا(10)۔

⑤ مصنف أبي بكر عبدالرزاق بن همام بن نافع الصنعاني (م211ھ) (11)۔ یہ مصنف چھپ چکی ہے اور مصنف عبدالرزاق کے نام سے مشہور ہے۔

⑥ مصنف أبي الربيع سلمان بن داود العتكي ، الزهراني البصري (م234ھ)(12)۔

⑦ مصنف أبی عبداللّٰه بن محمد بن أبی شیبة ابراهیم بن عثمان الکوفی (م235ھ)۔ یہ مصنف زیورطبع سے آراستہ ہوچکی ہے اور ''مصنف ابن أبی شیبة'' کے نام سے معروف ہے۔

⑧ مصنف أبی عبدالرحمن بقی بن مخلد القرطبی (276ھ)(13)۔اس کتاب میں مؤلف نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعینؒ اور ان کے بعد آنے والے لوگوں کے فتاوی جمع کیے ہیں۔ابن حزم فرماتے ہیں کہ فتاوی کے ذکر میں بقی بن مخلد (م276ھ)(14) کی تالیف کو مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن أبی شیبہ اور مصنف سعید بن منصور (م227ھ)(13) پر فوقیت اور برتری حاصل ہے(15)۔

⑨ مصنف ابن السکن،امام حافظ أبو علی سعید بن عثمان بن سعید بن السکن البغدادی (م353ھ)۔امام سیوطی رحمہ اللہ کا لکھا ہوا اس کا کامل نسخہ کتب خانہ جرمنیہ میں موجود ہے(16)

اس مقالہ میں صرف دو مطبوعہ مصنفات کے اسلوب تدوین کو بیان کیا گیا ہے: مصنف عبدالرزاق اور مصنف ابن أبی شیبہ:

ا۔ مصنف عبدالرزاق اور اس کا اسلوب

امام عبدالرزاق کا تعارف

امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام بن نافع الحمیری الصنعانی 126 ہجری میں یمن کے مشہور شہر صنعاء میں پیدا ہوئے اور 211 ہجری میں شوال کے مہینے میں وفات پائی۔قبیلہ حمیر سے نسبت ولاء کی وجہ سے حمیری کہلاتے ہیں۔ انہیں یمنی بھی کہا جاتا ہے۔ان کے اساتذہ میں ابن جریج(17)، سفیان بن عیینہ (18) امام مالک، معمر بن راشد(19) جیسے بلند پایہ محدثین اور آئمہ فن شامل ہیں جبکہ تلامذہ کی صف میں امام احمد بن حنبل، امام علی بن المدینی(20) اور امام یحیٰی بن معین(21) جیسے کبار محدثین داخل ہیں(22)۔

امام عبدالرزاق بن ہمام کے علمی مقام و مرتبے، حفظ وضبط اور ان کی عدالت وثقاہت کا علماء نے اعتراف کیا ہے(23)۔ان اوصاف نے انہیں اسقدر مشہور و مقبول بنا دیا تھا کہ وہ مرجع خلائق بن گئے تھے۔مورخ یافعی ان کے بارے میں لکھتے ہیں:

''المرتجل اليه من الآفاق''(24)(یعنی وہ شخص جس کے پاس لوگ اطراف واکناف سے آتے تھے)

امام عبدالرزاق نے متعدد کتب لکھیں جن میں سے اکثر نایاب ہیں۔بعض کے نام یہ ہیں:

① مصنف عبدالرزاق:اس کا اسلوب ذیل میں بیان ہوگا۔

② جامع عبدالرزاق :مصنف کے علاوہ ان کی ایک تالیف ہے جس کو''جامع عبدالرزاق'' کہا جاتا ہے یہ بہت بڑی جامع (24 الف) اور مشہور ترین کتابوں میں سے ہے۔اس کی اکثر احادیث کو صحاح ستہ میں روایت کیا گیا ہے(25)۔

③ **كتاب الأمالي في آثار الصحابة رضي الله عنهم** اس کا مخطوطہ مکتبہ ظاہریہ میں ہے،مجموع ③(26)

④ **كتاب الصلاة**۔اس کا مخطوطہ بھی مکتبہ ظاہریہ میں ہے،مجموع 94(27)۔

⑤ **كتاب التفسير** (28)۔

⑥ **كتاب السنن في الفقه** ۔

⑦ **كتاب المغازي**(29)۔

مصنف عبدالرزاق کا تعارف

امام عبدالرزاق صنعانی کی بہت ہی مشہور اور مفید کتاب''المصنف''معروف سکالر حبیب الرحمٰن الأعظمی کی تحقیق کے ساتھ کئی جگہوں سے چھپ چکی ہے۔یہ مصنف ابن أبی شیبہ،جس کا تذکرہ اس کے بعد آرہا ہے،سے چھوٹی ہے اور اس کے بعد شہرت کے لحاظ سے اسی کا درجہ ہے(30)۔حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے طبقات کتب حدیث میں سے اسے تیسرے طبقہ کی کتب میں شامل کیا ہے(31)۔اس کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کی اکثر احادیث ثلاثی ہیں(32)۔مدونات حدیث میں یہ کتاب نمایاں اور ممتاز حیثیت کی حامل ہے۔حبیب الرحمٰن الأعظمی صاحب کے تحقیقی حواشی سے عیاں ہوتا ہے کہ اس مصنف کی احادیث کو امام ابن أبی شیبہ،امام أحمد،اصحاب صحاح ستہ،امام ابن حبان،امام طبرانی،امام دارقطنی،امام حاکم اور امام بیہقی رحمہم اللہ وغیرہ نے اپنی اپنی کتب میں روایت کیا ہے۔

حبیب الرحمٰن اعظمی کی تحقیق کے ساتھ چھپنے والی مصنف 32 (بتیس) کتب، 2233 (دو ہزار دو سو تینتیس) ابواب اور 21033 (اکیس ہزار تینتیس) روایات پر مشتمل ہے۔ روایات کی تعداد میں احادیث رسول ﷺ، آثارِ صحابہ رضی اللہ عنہم، اقوال وفتاوی تابعین وتبع تابعین اور دیگر علماء کے اجتہادات سب شامل ہیں۔

اسلوبِ ترتیب وتدوین

❶ اسلوبِ ترتیب

امام عبدالرزاق رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ''المصنف'' کو فقہی کتب وابواب کے اسلوب پر مرتب کیا ہے۔ اس ترتیب میں ان کا اسلوب یہ ہے کہ وہ ایک کتاب قائم کرتے ہیں، پھر اس کے تحت متعدد ابواب باندھتے ہیں جیسے کتاب الطهارة کے تحت 136، کتاب الحیض کے تحت 25 اور کتاب الصلاة کے تحت 325 ابواب ہیں۔ ان میں سے ہر ایک باب کے عنوان میں ایک نیا موضوع (مسئلہ) ہے۔

❷ تراجم ابواب اور ذکر روایات کا اسلوب

تراجم ابواب قائم کرنے اور ذکر روایات میں ان کا اسلوب یہ ہے کہ وہ جس موضوع سے متعلق احادیث رسول ﷺ، آثار صحابہ رضی اللہ عنہم اور اقوال تابعین وتبع تابعین رحمہم اللہ نقل کرتے ہیں، ان پر ایک باب باندھتے ہیں جس سے زیر بحث موضوع یا مسئلہ کے بارے میں واضح طور پر پتہ چل جاتا ہے۔

- ⊙ تراجم ابواب قائم کرنے میں ان کے اسلوب کا ایک امتیازی پہلو یہ ہے کہ وہ اس قدر سہل اور واضح ہیں کہ فوراً سمجھ میں آجاتے ہیں جیسے: باب غسل الرجلين ، باب ماجاء فی فرض الصلاة ، باب بدء الأذان راكباً اور باب فضل الأذان وغیرہ۔
- ⊙ بعض ابواب وہ سوالیہ انداز میں قائم کرتے ہیں جیسے باب هل يمسح رأسه بفضل يديه؟، باب كم الوضوء من غسلة واحدة؟ ، باب كم يمسح على الخفين؟، باب أيّ الصعيد أطيب؟، باب كم التيمم من ضربة ، كم يصلى بتيمم واحد؟ ، باب يتيمم ثم يمر الماء هل

يتوضأ ؟ ، وهل يتيمم للتطوع ؟ اور باب هل يدخل المسجد غير طاهر ؟ وغیرہ۔

⊙ تراجم کے ساتھ وہ اکثر لفظ ''باب'' استعمال کرتے ہیں لیکن بعض کے ساتھ نہیں بھی کرتے جیسے کتاب المغازی کے ۴۴ تراجم میں سے صرف ایک ترجمہ (عنوان) کے ساتھ لفظ باب ہے۔ اسی طرح کتاب أهل الكتاب کے ۴۷ عنوانوں میں سے صرف ایک اور کتاب الوصایا کے ۲۰ عنوانوں میں سے صرف ۲ کے ساتھ یہ لفظ موجود ہے۔

جہاں تک تراجم ابواب کے تحت ذکر روایات وغیرہ کا تعلق ہے تو وہ بعض ابواب میں زیادہ اور بعض میں کم درج کرتے ہیں، مثلاً: باب المسح بالأذنين کے تحت مختلف طرق سے مروی سولہ روایات و آثار اور اقوال (۲۳ تا ۳۸) کو ذکر کیا ہے۔ باب القرأة فی الحمّام کے تحت صرف ایک اس روایت کو ذکر کیا ہے: عن عبدالرزاق . . . فقال: ''لم يُبْنَ فی القرأة (نمبر 1148''۔ اور باب أيُّ الصعيد أطيب کے تحت صرف ابن عباس رضی اللہ عنہ کے اثر اور تابعی عطاء (33) کے قول کو ذکر کیا ہے (نمبر 815، 814)۔

ترجمہ الباب کے متعلق احادیث رسول ﷺ، آثار صحابہ رضی اللہ عنہم، اقوال تابعینؒ اور اجتہادات علماء کی صورت میں جس قدر مواد انہیں ملا اسے جمع کر دیا اور آنے والوں کے لیے سہولت پیدا کر دی ہے۔ یہ ان کے اسلوب کا امتیازی پہلو ہے۔

❸ بیانِ سند کا اسلوب

امام عبدالرزاق پوری مصنف میں سند کو یوں بیان کرتے ہیں: عبدالرزاق عن ابن جريج قال : قلت لعطاءٍ... (34)، عبدالرزاق عن ابن جريج بن عمرو بن يحيىٰ بن عمارة بن أبی حسن أن النبی ﷺ..." (35)، عبدالرزاق عن ابن جريج قال : أخبرنی نافع أن ..." (36)، عبدالرزاق عن ابن جريج قال : حدثنی سليمان بن موسىٰ أن رسول الله ﷺ قال... (37)، عبدالرزاق قال: أخبرنا معمر... (38)، أخبرنا عبدالرزاق عن اسرائيل... (39)، أخبرنا عبدالرزاق قال: أخبرنا معمر... (40)، عبدالرزاق عن صاحب له عن أبی ذئب (41)، عبدالرزاق عن رجل من أهل

مصر، قال...(42)،أخبرنا أبو سعيد أحمد بن محمد بن زياد بن بشر الأعرابی (م۳۴۰ھ) قال ...(43)،عبدالرزاق عن رجل من البصرة ...(44)،عن عبدالرزاق عن معمر عن رجل من أهل الكوفة...(45)،عبدالرزاق عن أبيه عن عبدالكريم قال:...(46)اور أنبأنا عبدالرزاق قال: أخبرنا معمر و ابن جريج قالا : أخبرنا...(47)۔

ان مثالوں سے عیاں ہوتا ہے کہ امام عبدالرزاق کا سند بیان کرنے کا اسلوب دیگر محدثین سے مختلف ہے وہ اس طرح کہ یہ کثرت کے ساتھ ادائے حدیث کے ان الفاظ کو استعمال نہیں کرتے جن کو دیگر محدثین استعمال کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ سند میں موجود راویوں پر کسی قسم کا نقد وتبصرہ نہیں کرتے، حتیٰ کہ بعض راویوں کے بارے میں یہ بھی نہیں بتاتے کہ فلاں رجل (آدمی) سے کون سا راوی مراد ہے، جیسے: عن عبدالرزاق عن رجل من اهل مصر (حدیث نمبر168)، عن عبدالرزاق عن صاحب له (حدیث نمبر167) اور عن عبدالرزاق عن رجل من البصرة (حدیث نمبر277) وغیرہ ہوسکتا ہے کہ کوئی محقق ایسے نامعلوم راویوں کے ناموں کا تعین کردے

❹ زیر بحث موضوع کی توضیح کا اسلوب

امام عبدالرزاق جب کسی زیر بحث موضوع کی توضیح کرنا چاہتے ہیں تو احادیث کے ساتھ ساتھ اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم، تابعین وتبع تابعین کے اقوال وفتاوی کا بھی استیعاب کرتے ہیں اور دیگر علماء کے اجتہادات کو بھی پیش کرتے ہیں، مثلاً:

① أخبرنا عبدالرزاق قال : أخبرنا ابن جريج ، قال : حدثت حديثا رفع الى عليّ فی يهودی أونصرانی تزندق ، قال : دعوه يحول من دين الى دين(48)۔

اس کا مفہوم یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص کو لایا گیا جو یہودی تھا یا عیسائی تھا، اس کے متعلق انہیں آگاہ کیا گیا کہ اس نے اپنے مذہب کو چھوڑ دیا ہے اور دوسرے مذہب کو اختیار کر لیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی بات نہیں ایک مذہب کو چھوڑ کر دوسرے میں داخل ہوگیا ہے۔ یعنی پہلے جس مذہب پر تھا وہ بھی صحیح نہیں تھا اور اب جس مذہب کو اختیار کیا ہے وہ بھی صحیح نہیں ہے، گویا دونوں حالتیں برابر ہیں۔

اس روایت کو نقل کر لینے کے بعد، امام عبدالرزاق ایک اور روایت ذکر کرتے ہیں۔ اس دوسری روایت کا مفہوم وہی ہے جو پہلی روایت کا ہے۔ مگر دونوں کی سندوں میں فرق ہے۔ پہلی روایت امام ابن جریج(49) کی سند سے ہے اور دوسری روایت امام ابوحنیفہؒ سے منقول ہے۔ جو کہ یہ ہے:

''أخبرنا عبدالرزاق قال: سمعت أبا حنيفة قال : " رفع الى علي يهودي أو نصراني تزندق قال : دعوه تحول من كفر الى كفر "۔

امام عبدالرزاق مزید توضیح کرنے کی خاطر فرماتے ہیں:'' فقلت له:عمن هذا؟فقال:عن سماك بن حرب،عن قابوس بن المخارق أنَّ محمد بن أبي بكر كتب فيه الى عليٍّ،فكتب اليه عليٌّ بهذا۔

(پس میں نے امام أبوحنیفہ رحمہ اللہ سے دریافت کیا یہ روایت آپ نے کہاں سے لی ہے؟ آپ نے پوری سند بیان کی اور فرمایا کہ محمد بن أبی بکر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خط لکھ کر اس ضمن میں پوچھا تھا۔ اس کے جواب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ اصول لکھ کر بھیجا تھا)۔

② أخبرنا عبدالرزاق قال:أخبرنا معمر عمن سمع الحسن يقول:''من السنة أن تهدم الكنائس التي في الأمصار القديمة والحديثة "۔(مروجہ طریقہ یہ ہے کہ مفتوحہ علاقوں میں غیر مسلموں کی عبادت گاہیں گرادی جائیں خواہ وہ نئی ہوں یا پرانی بنی ہوئی ہوں)۔

اس روایت کو نقل کرنے کے بعد امام عبدالرزاق اس ضمن میں دوسری روایات بیان کرتے ہیں تاکہ زیر بحث موضوع کی مکمل طور پر توضیح ہو جائے:

⊙ قال معمر:قال لي عمر وبن ميمون بن مهران وسألته عن ذلك فقال:" انما صالحوا على دينهم ، يقول : لا تهدم "(50)۔

معمر بن راشد یمنی(51) اس بارے میں کہتے ہیں: میں نے عمرو بن میمون(52) سے مفتوحہ علاقوں میں غیر مسلموں کی عبادت گاہوں سے متعلق پوچھا تو انہوں نے جواب دیا: مفتوحہ علاقوں میں جو غیر مسلم رہتے ہیں، ان کے ساتھ چونکہ مصالحت کی جاتی ہے، اس لیے ان کی عبادت گاہیں نہیں گرانی چاہئیں۔ مطلب یہ کہ اسلامی ریاست میں جو غیر مسلم رہتے ہیں ان کی حیثیت ذمی کی ہوتی ہے، وہ ریاست کے شہری ہوتے

ہیں۔اس لیے جس طرح ان کے مال وجان کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے،اسی طرح ان کے رسوم و روج اور روایات میں عدم مداخلت بھی ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

④ أخبرنا عبدالرزاق قال :'' أخبرنا عمي وهب بن نافع قال : شهدت كتاب عمر بن عبدالعزيز الى عروة بن محمد أن تهدم الكنائس القديمة ، شهدته يهدمها ، فأُعيدت، فلمّا قدم رجاء دعاني ، فشهدتُ على كتاب عمر بن عبدالعزيز، فهدمها ثانية''۔

وہب بن نافع کہتے ہیں: عمر بن عبدالعزیز نے عروہ بن محمد کے نام جس خط میں لکھا تھا کہ غیر مسلموں کی عبادت گاہیں اکھیڑ دی جائیں وہ میرے پاس ہے۔ میری موجودگی میں غیر مسلموں کی عبادت گاہیں اکھیڑ دی گئیں، بعد میں جب ان لوگوں نے دوبارہ اپنی عبادت گاہیں تعمیر کیں، اور رجاء کا دور آیا تو میں نے انہیں عمر بن عبدالعزیز کا خط دکھایا، انہوں نے عمر بن عبدالعزیز کا خط دیکھنے کے بعد ان عبادت گاہوں کو دوبارہ گرادیا۔

اس روایت کو نقل کر لینے کے بعد امام عبدالرزاق مندرجہ ذیل روایت پیش کرتے ہیں، ان میں موضوع سے متعلق مزید تفصیل پائی جاتی ہے:

أخبرنا عبدالرزاق قال...قال :''سئل ابنُ عباس هل للمشركين أن يتخذوا الكنائس في أرض العرب ؟ فقال ابن عباس : أمّا ما مصّر المسلمون فلا ترفع فيه كنيسة ، ولا بيعة ، ولا صليب ولا سنان ، ولاينفع فيها ببوق ، ولا يضرب فيها بناقوس ، ولا يد خل فيها خمر ولا خنزير ، وماكانت من أرض صولحوا صلحاً ، فعلى المسلمين أن يفوا لهم بصلحهم''۔

حضرت عکرمہ(53) کہتے ہیں:''عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ کیا غیر مسلم لوگ عرب کے علاقوں میں اپنی عبادت گاہیں تعمیر کر سکتے ہیں؟ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: جو بستیاں مسلمانوں نے آباد کی ہیں ان میں غیر مسلموں کا کوئی فرقہ اپنی عبادت گاہ تعمیر نہیں کر سکتا۔ نہ وہ بگل بجا سکتے ہیں نہ گھنٹی بجا سکتے ہیں اور نہ صلیب لٹکا سکتے ہیں، نہ ان بستیوں میں شراب اور خنزیر کے گوشت کا کاروبار کیا جا سکتا ہے، ہاں وہ علاقے جو مسلمانوں نے فتح کئے ہیں اور وہاں کے غیر مسلموں کے ساتھ مصالحت کا معاہدہ کیا ہے، تو اس معاہدہ کے تحت ان کے ساتھ سلوک کرنا ضروری ہوگا۔

ب۔ مصنف ابن أبی شیبہ اور اس کا اسلوب تدوین

امام ابن أبی شیبہ کا مختصر تعارف

امام أبوبکر عبداللہ بن محمد بن أبی شیبہ بن ابراہیم بن عثمان العبسی الکوفی شہر واسط میں 159ھ میں پیدا ہوئے اور 76 سال کی عمر پا کر 235ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ قبیلہ عطفان کی ایک شاخ بنوعبس کی طرف نسبت ولاء کی وجہ سے عبسی کہلاتے ہیں۔ کوفہ کے رہنے والے مشہور حافظ حدیث ہیں۔ آپ کے اساتذہ میں امام وکیع بن الجراح الرواسی الکوفی (م197ھ)(54)، امام عبداللہ بن المبارک الحنظلی (م181ھ)(55) اور امام اسماعیل بن علیہ بصری (م193ھ)(56) جیسے نامور محدثین کے نام شامل ہیں۔ آپ کے تلامذہ کی صف میں امام احمد بن حنبل (م241ھ)، امام بخاری (م2656ھ)، امام مسلم (م261ھ)، امام ابوحاتم رازی (م264ھ)، امام ابن ماجہؒ (م273ھ) اور امام نسائی (م303ھ) جیسے ممتاز محدثین شامل ہیں(57)۔

امام ابن أبی شیبہ کے حفظ وضبط، ثقاہت، وسعت مطالعہ، تبحر علمی اور فضل وکمال کا اعتراف بڑے بڑے محدثین حضرات نے کیا ہے، جس سے آپ کے علمی مقام ومرتبہ کی بلندی کا پتہ چلتا ہے۔ امام ذہبی نے انہیں الحافظ عدیم النظیر (58) (بے مثال حافظ حدیث) کے لقب سے یاد کیا ہے۔ ابوعبید (م224ھ)(59) فرمایا کرتے تھے کہ ''علم حدیث چار آدمیوں پر تمام ہو گیا ہے۔ ان میں ابوبکر بن أبی شیبہ اس کو زیادہ روانی کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔ امام احمد اس میں زیادہ فقیہ ہیں، ابن معین کو زیادہ جمع کرنے والے اور علی بن مدینی اس کو زیادہ جاننے والے ہیں''(60)۔

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے انہیں ''أحد الأعلام و امام الاسلام''(61) وغیرہ القاب سے یاد کیا ہے۔ برصغیر کے ممتاز محدث شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ان کو حدیث کا امام تسلیم کیا ہے (62)۔

آپ رحمہ اللہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے 30 احادیث اور امام مسلم رحمہ اللہ نے 1540 (ایک ہزار پانچ سو چالیس) احادیث روایت کی ہیں (62۔الف)

تصنیفات

حافظ ابن أبی شیبہ کی تصانیف میں سے کچھ کے نام یہ ہیں: المصنف: (63)۔ یہ کتاب کئی جگہوں سے طبع ہو چکی ہے، التاریخ: (64)۔ اس کتاب کا مخطوطہ مکتبۃ ظاہریۃ میں نمبر 18 / 1127 کے تحت موجود ہے۔ برلین میں یہ کتاب رقم 9409 کے تحت موجود ہے (65)، کتاب الایمان: یہ کتاب 1966ء میں دمشق سے طبع ہو چکی ہے (66)، کتاب الأدب: اس کا قلمی نسخہ مکتبہ ظاہریہ میں رقم 78 / 7 کے تحت موجود ہے (67)، تفسیر ابن أبی شیبة (68)، کتاب الأحکام (69)، کتاب ثواب القرآن (70)، کتاب الجمل (71)، کتاب الرد علی من رد علی أبی حنیفة (72)، کتاب الفتوح (73) اور المسند (74)۔

مصنّف ابن أبی شیبہ کا تعارف

المصنف امام ابن أبی شیبہ کی مشہور و معروف کتاب ہے۔ اسی کی وجہ سے انہیں بہت شہرت ملی۔ اس کا شمار حدیث کی اہم اور بلند پایہ کتابوں میں ہوتا ہے۔ مصنفات کے اسلوب پر مدون ہونے والی کتب میں یہ بے مثال کتاب ہے، چنانچہ حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں: ”وصاحب المصنف الذی لم یصنف أحد مثله قط لاقبله ولا بعده“ (79)۔ (یہ اس مصنّف کے مصنِف ہیں کہ اس کی مثل کسی نے کبھی تصنیف نہیں کی، نہ ان سے پہلے اور نہ ان کے بعد)۔

اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ یہ اہل کوفہ میں معروف و متداول تھی۔ قمی بن مخلد اندلسی (م 278ھ) (80) طلب حدیث کے لیے بغداد و کوفہ وغیرہ آئے تو ابن أبی شیبہ کے تلامذہ میں شامل ہو گئے (81) انہوں نے جب المصنف کو دیکھا تو اسے بہت پسند کیا اور اس کی اہمیت کے پیش اسے اپنے ساتھ اندلس لے گئے امام ذہبی لکھتے ہیں: ”ومما انفرد به ولم یدخله سواه مصنف أبی بکر بن أبی شیبة بتمامه“ (78)۔

حافظ ابن حزم اندلسی (م 457ھ) (82) نے تو اس مصنف کو عظمت کے اعتبار سے مُوَطَّأ امام مالك سے بھی مقدم رکھا ہے (83)۔ اور فی الواقع صحیح مسلم، سنن أبی داود، اور سنن ابن ماجہ میں جس کثرت سے اس کتاب کی روایتیں منقول ہیں موطأ کی منقول نہیں (84)۔

ISLAMIC RESEARCH INDEX
HEC & AIOU APPROVED PROJECT
IRI
اسلامی تحقیق کا اشاریہ
فہرست البحث الإسلامی

اس مصنف کی اہمیت کا اندازہ اس کی اس خصوصیت سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ ''اس کی اکثر مرویات صحاح ستہ کی کتابوں میں موجود ہیں۔ امام بخاری نے 30 (تیس) اور امام مسلم نے 1540 (ایک ہزار پانچ سو چالیس) روایات کی تخریج کی ہے۔ سنن أبي داود میں بکثرت اور سنن ابن ماجہ میں غالباً سب سے زیادہ اسی سے حدیثیں لی گئی ہیں'' (85)۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اس کو طبقات کتب حدیث کے تیسرے طبقہ میں شمار کیا ہے (86)۔ مصنف ابن أبي شیبہ، جو محمد عبدالسلام شاہین کی تحقیق کے ساتھ طبع ہوئی ہے، 38 / کتب، 5319 / ابواب اور 37930 روایات پر مشتمل ہے۔

اسلوبِ ترتیب وتدوین

امام ابن أبي شیبہ نے اپنی کتاب ''المصنف'' میں جو اسلوب اختیار کیا، ذیل میں اس کے چند ایک پہلو بیان کیے جاتے ہیں:

❶ ترتیبِ مصنف کا اسلوب

امام ابن أبي شیبہ نے قاری کی سہولت کی خاطر اپنی مصنف کو فقہی کتب وابواب کے اسلوب پر مرتب کیا ہے، اور اس میں احادیث رسول ﷺ، اقوال صحابہ اور تابعینؒ کے فتاوی کو مدون کیا ہے، چنانچہ حاجی خلیفہ اس کے متعلق لکھتے ہیں: ''هو كتاب كبير جدا جمع فيه فتاوى التابعين، وأقوال الصحابة و أحاديث الرسول ﷺ على طريقة المحدثين بالأسانيد مرتباً على الكتب والأبواب على ترتيب الفقه'' (87)۔

(یہ ایک بہت بڑی کتاب ہے جس میں فتاوی تابعینؒ، اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم اور احادیث رسول ﷺ کو محدثین کے طریقہ پر اسانید کے ساتھ جمع کر دیا ہے اور ترتیب فقہی پر اس کی کتب وابواب کو مرتب کیا ہے)۔

محدث زاہد الکوثری لکھتے ہیں: ''والمصنف أحوج مايكون الفقيه اليه من الكتب الجامعة للمسانيد والمراسيل وفتاوى الصحابة والتابعين، رتبه على الأبواب ليقف المطالع على مواطن الاتفاق والاختلاف بسهولة، وهو من أجمع الكتب أدلة الفقهاء خاصة أهل العراق'' (88)۔

(مسانید ومراسیل اور فتاوی صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعینؒ کی جو جامع کتابیں ہیں ان میں ایک فقیہ کو سب سے

زیادہ جس کتاب کی ضرورت ہے وہ مصنف (ابن أبی شیبہ) ہے جس کو ابواب پر مرتب کیا ہے تا کہ اس کا مطالعہ کرنے والا سہولت کے ساتھ اتفاق واختلاف کے مواقع سے واقف ہو جائے۔ یہ کتاب فقہاء بالخصوص اہل عراق کے دلائل کی جامع ترین کتابوں میں سے ہے)۔

اس میں امام ابن أبی شیبہ صرف ایسی احادیث احکام بیان کرتے ہیں جن سے کوئی فقہی مسئلہ معلوم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قدماء کی تصانیف میں اسے احکام ومسائل کی جامع ترین کتاب تسلیم کیا گیا ہے (89)۔

❷ نقل احادیث میں غیر جانبدارانہ رویہ

امام ابن ابی شیبہ کا ایک اسلوب یہ ہے کہ وہ اپنی مصنف میں احادیث نقل کرتے وقت غیر جانبدارانہ رویہ اختیار کرتے ہیں۔ وہ اس میں کسی فقہی مذہب کے ساتھ کوئی ترجیحی سلوک روا نہیں رکھتے بلکہ اہل حجاز اور اہل عراق سب کی مرویات کو نہایت ہی غیر جانبداری کے ساتھ یکجا جمع کر دیتے ہیں جس سے ہر فقیہ کے لیے نہایت آسانی کے ساتھ بغیر کسی تأثر کے اس مسئلہ کے بارے میں آزادی کے ساتھ رائے قائم کرنے کا موقع باقی رہتا ہے (90)۔

❸ صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعینؒ کے اقوال وفتاوی کا اندراج

مصنف میں احادیث رسول ﷺ کے ساتھ ساتھ امام ابن شیبہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمہم اللہ کے اقوال وفتاوی کو بھی درج کرتے ہیں۔ اس اسلوب کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ''ہر حدیث کے متعلق ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ اس پر سلف امت کی تلقی رہی ہے یا نہیں اور دور صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعینؒ میں اس روایت پر عمل درآمد تھا یا نہیں اور یہ اس کتاب کی وہ مخصوص افادیت ہے کہ جس میں وہ اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ یہی وجہ ہے کہ یہ کتاب فقہاء ومحدثین میں برابر متداول چلی آئی ہے (91)۔

❹ مرسل، منقطع، معضل اور معلول احادیث کا ذکر

مصنف میں وہ مرفوع ومتصل روایات کے ساتھ ساتھ مرسل، منقطع، معضل اور معلول نوعیت کی احادیث بھی ذکر کرتے ہیں۔ وہ ان تمام روایات کو ایسے تبع تابعین سے اخذ کرتے ہیں جو سب کے سب مصنف میں ان کے

نزدیک عادل ہیں اوران میں سے ایک پر بھی جرح نہیں کی گئی ہے(92)۔

❶ ادائے حدیث کے الفاظ

امام ابن أبی شیبہؒ نے مصنف میں ادائے حدیث کے لیے ان ہی الفاظ کو استعمال کیا ہے جو اکثر کتب حدیث میں استعمال ہوئے ہیں۔وہ الفاظ درج ذیل ہیں:

① جب راوی نے اکیلے اپنے شیخ کے الفاظ میں حدیث سنی ہوتو ''حدثنی'' لکھتے ہیں اور مختصراً ''ثنی'' لکھ دیتے ہیں۔

② جب راوی نے کسی اور ساتھی کی موجودگی میں شیخ سے حدیث سنی ہوتو اس صورت میں ''حدثنا'' استعمال کرتے ہیں اور مختصراً ''ثنا'' کہہ دیتے ہیں۔

③ اگر راوی خود پڑھے اور شیخ سنے تو ''أخبرنی'' کہتے ہیں اور اختصاراً ''نی'' کہہ دیتے ہیں۔

④ اگر راوی کسی اور ساتھی کی موجودگی میں شیخ کے سامنے پڑھے اور وہ سنے تو اس صورت میں ''أخبرنا'' کا استعمال کرتے ہیں۔اس کے لیے مختصراً ''نا'' کہہ دیتے ہیں۔

⑤ جس روایت کو راوی شیخ کے سامنے پیش کرے اور وہ اسے زبانی طور پر روایت کرنے کی اجازت دے دے تو اس صورت میں لفظ'' أنبأنی ''استعمال کرتے ہیں جسے مختصر کر کے''أنی'' کہہ دیتے ہیں۔

⑥ جس روایت کو راوی شیخ کے سامنے کسی مجلس میں پیش کرے اور راوی خود اس مجلس میں موجود ہو اور شیخ اسے زبانی طور پر روایت کرنے کی اجازت بھی دے دے تو ایسی صورت میں ''أنبأنا'' کہتے ہیں اور اختصاراً ''نا'' استعمال کرتے ہیں۔

⑦ جس روایت کو شیخ راوی کی طرف لکھ کر بھیجے اور زبانی طور پر اسے روایت کی اجازت نہ دے تو ایسی صورت میں یوں کہتے ہیں:'' کتب الی فلان ''(93)۔

موطأ اور مصنف میں کوئی فرق نہیں پایا جاتا کیونکہ وہ بھی مصنف ہی کی طرح فقہی ابواب پر مرتب اور مرفوع ،موقوف ومقطوع احادیث پر مشتمل ہوتی ہے۔گویا نام کے اختلاف کے سوا حقیقت کے اعتبار سے دونوں ایک ہی طرح کی کتابیں ہیں۔

حوالہ جات وحواشی

(1) مرفوع ''رفع'' سے اسم مفعول کا صیغہ ہے جس کے معنی ہیں ''بلند کیا ہوا''۔ اصطلاح میں مرفوع اس قول (بات)، فعل (کام) اور تقریر (تائید) کو کہتے ہیں جو رسول ﷺ کی جانب منسوب ہو۔ خواہ اس کی نسبت آپ کی طرف صحابی نے کی ہو یا تابعی نے یا کسی اور نے، اور خواہ اس کی سند متصل ہو یا نہ ہو (الخلاصۃ فی علم اصول الحدیث:44)۔

(2) موقوف ''وقف'' سے اسم مفعول ہے بمعنی ''روکا ہوا''۔ اصطلاح میں وہ حدیث ہے جو صحابی کی طرف منسوب ہو خواہ قول ہو یا فعل ہو، خواہ اس کی سند متصل ہو یا منقطع (سابق حوالہ:50، التدریب:1/184)۔

(3) مقطوع ''قطع'' سے اسم مفعول ہے بمعنی ''کٹا ہوا''۔ اصطلاح میں وہ قول وفعل جس کی کسی تابعی کی طرف نسبت کی جائے (تیسیر مصطلح الحدیث:32، الخلاصۃ فی علم اصول الحدیث:51)۔

(4) ابواب کے اسلوب پر مرتب ہونے والی اولین کتاب ''ابواب الشعبی'' پہلی صدی ہجری میں عالم وجود میں آچکی تھی۔ اسے علامۃ التابعین حضرت أبو عَمرو الشَّعبِی الهَمْدانیؒ (م103) نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے حکم پر تألیف کیا۔ آپ نے اس کتاب کو مختلف ابواب میں تقسیم کرکے ہر باب میں ایک ہی موضوع سے متعلق باہم مشابہ ومماثل احادیث کو ذکر کیا، مثلاً: زکاۃ اور طلاق وغیرہ، چنانچہ علامہ جعفر الکتانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: ''.....أما جمع حديث.....في باب واحد فقد سبق اليه الشعبي، فإنهُ روى عنه قال :.....هذا باب من الطلاق جسيم وساق فيه أحاديث''۔

(.....جہاں تک احادیث کو ایک باب میں جمع کرنے کا تعلق ہے تو اس میں امام شعبی نے سبقت کا شرف حاصل کیا، چنانچہ ان سے روایت کیا گیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: یہ طلاق کے مسائل کا بہت بڑا باب ہے اور اس باب میں انہوں نے احادیث کو ذکر کیا ہے)۔

(5) موطآت ''موطا'' کی جمع ہے۔ محدثین کی اصطلاح میں ''موطا'' وہ کتاب ہے جو فقہی ابواب پر مرتب اور احادیث رسول ﷺ، آثار صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین رحمہم اللہ پر مشتمل ہو، پس وہ (یعنی موطا) بالکل مصنف ہی کی طرح ہے اگرچہ اسم کا اختلاف ہے (اصول التخریج از طحان:125)۔

(6) لسان العرب ، العلامة ابن منظور الأفريقى (م711ھ) :7/423، طبعة جديدة مصححة و ملونة ، اعتنىٰ بتصحيحها: أمين محمد عبدالوهاب و محمد الصادق العبيدى ، دار احياء التراث العربى ، بيروت—لبنان ، الطبعة الأولىٰ : 1416ھ/1996م۔

(7) الرسالة المستطرفة لبيان مشهور كتب السنة المشرفة، العلامة محمد بن جعفر الكتانىؒ :31

(م1345ھ)،دارالکتب العلمیة بیروت، الطبعة الأولی:1332،مقدمة تحفة الأحوذی شرح جامع الترمذی، الامام الحافظ أبو العلی محمد عبدالرحمن بن عبدالرحیم المبار کفوری(1353ھ): 1/334، تحقیق: عبدالرحمن محمد عثمان ، المکتبة السلفیة بالمدینة المنورة، ت ن ،أصول التخریج و دراسة الأسانید، الدکتور محمود الطحان:134، مقام طبع وتاریخ طبع غیر مکتوب،علم فهرسة الحدیث ، راجعه وَقَدَّمَ لَهُ : الدکتور یوسف عبدالرحمن المرعشیلی:14، دارالمعرفة بیروت– لبنان، الطبعة الأولی : 1406ھ-1986م۔

(8) الطبقات الکبریٰ (طبقات ابن سعد)،الامام أبو عبدالله محمد بن سعدؒ :6/378(م230ھ)، دار صادر بیروت،س–ن،الثقات،الامام محمد بن حبان بن أحمد أبو حاتم التمیمی البستی (م354ھ):6/339،تحقیق:السید شرف الدین أحمد،دارالفکر،الطبعة الأولی:1395ھ/1975م، البدایة والنهایة،حافظ عماد الدین أبو الفداء اسماعیل بن عمر المعروف بابن کثیر(م774ھ): 10/134،مکتبة المعارف بیروت،الطبعة الثانیة،1978م، تذکرة الحفاظ،الامام شمس الدین محمد بن أحمدبن عثمان الذهبی(م748ھ):1/158(202)،دار الکتب العلمیة بیروت– لبنان،الطبعة الأولی:1419ھ-1998م، سیر أعلام النبلاء،الحافظ أبو عبدالله شمس الدین محمد بن أحمد بن عثمان الذهبیؒ(م748ھ):7/375،مؤسسة الرسالة،الطبعة الثانیة: 1402ھ/1982م،تهذیب التهذیب،ابو الفضل الحافظ محمد بن حجر العسقلانیؒ(852ھ): 3/306، دائرة المعارف النظامیة ، حیدر آباد، دکن ،1325ھ۔

(9) تاریخ بغداد،الحافظ أحمد بن علی المعروف بالخطیب البغدادی (م463ھ): 13/179 ، دارالکتاب العربی بیروت لبنان، س–ن،تهذیب التهذیب،محولہ بالا:10/216۔

(10) الرسالة المستطرفة،محولہ بالا:31،ان کے حالات زندگی کے لیے دیکھئے:البدایة والنهایة ،محولہ بالا:10/150، تذکرة الحفاظ،محولہ بالا:1/151(197)،میزان الاعتدال فی نقد الرجال، الحافظ شمس الدین أبو عبد الله محمد بن أحمد عثمان الذهبیؒ(م748ھ):1/590، داراحیاء الکتب العربیة، مصر 1382ھ،تهذیب التهذیب،محولہ بالا:3/11۔

(11) تهذیب التهذیب،محولہ بالا:1/234۔ان کے احوال کے لیے دیکھئے:الجرح والتعدیل ،الامام أبو محمد عبدالرحمن بن أبی حاتم محمد بن ادریس بن المنذر التمیمی الحنظلی الرازی(م327ھ):

191/2، مطبعة مجلس دائرة المعارف العثمانية،حيدر آباد دكن، الطبعة الأولى: 1271ھ 1952م، تاريخ بغداد ،محولہ بالا:6/221، سیر أعلام النبلاء،محولہ بالا:8/312، میزان الاعتدال ،محولہ بالا:1/240،تذكرة الحفاظ ،محولہ بالا:1/186(240)۔

(12) الرسالة المستطرفة،محولہ بالا:30،31، الفهرست ، ابن نديم ، اردو ترجمه از محمد اسحاق بھٹی : 51،317،331، اداره ثقافت اسلاميه ، لاهور،سیر أعلام النبلاء،محولہ بالا:9/154،تذكرة الحفاظ، محولہ بالا:1/223(284)۔

(13) الطبقات الكبرى(ابن سعد)،محولہ بالا:7/362،تاريخ التراث العربى ، فواد سزگين ، نقله الى العربية: الدكتور محمود فهمى حجازى و الدكتور فهمى أبو الفضل :1/141، الهيئة المصرية العامة للكتاب ،1977م۔

(14) الرسالة المستطرفة ،محولہ بالا:31۔

(15) الرسالة المستطرفة ،محولہ بالا:31۔ ان کے حالات زندگی کے لیے دیکھئے :الثقات ،محولہ بالا:8/278،تاريخ بغداد ،محولہ بالا:9/190،191،سیر الأعلام ،محولہ بالا:10/677، تهذيب التهذيب ،محولہ بالا:2/469۔

(16) ان کے حالات زندگی کے لیے دیکھئے:البداية والنهاية ،محولہ بالا:11/56،57، شذرات الذهب فى أخبار من ذهب ، أبو الفلاح عبدالحى ابن العماد الحنبلى (م1089ھ):2/169، دار الأفاق الجديدة ، بيروت، س— ن ،المنتظم فى تاريخ الملوك والأمم ، الامام أبى الفرج عبدالرحمن بن على ابن محمد بن على ابن الجوزى (م 597ھ):5/100، 101 ، مطبعة دائرة المعارف العثمانية حيدرآباد ، الطبعة الأولى :1357ھ،تذكرة الحفاظ،محولہ بالا:2/151(656)۔

(17) امام قتی بن مخلد قرطبی کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے۔ یہ قرطبہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی مسند اور عظیم الشان تفسیر کے مصنف ہیں جس کے متعلق ابن حزم کہتے ہیں کہ اس جیسی تفسیر آج تک نہیں لکھی گئی۔(البداية والنهاية ،محولہ بالا:11/56،57، تذكرة الحفاظ ،محولہ بالا:2/151(656)، شذرات الذهب ،محولہ بالا: 2/169، طبقات الحنابلة، القاضى أبو الحسين محمد بن أبى يعلى صححه: محمد حامد الفقى : 1/120،مطبعة السنة المحمدية — القاهرة :1371ھ-1952م، المنتظم،محولہ بالا :5/100)۔

(18) امام سعید بن منصور المروزی الطالقانی ثم البلخی کی کنیت ابوعثمان ہے۔ نامور حافظ حدیث اور اس فن میں حجت ہیں۔ صاحب السنن ہیں (التاريخ الكبير، أمام محمد بن اسماعيل البخارى" (م256ھ)، دارالكتب العلمية،بيروت،س—ن:7/172، تذكرة الحفاظ ،محولہ بالا: 2/5(423)، سیر أعلام

النبلاء، محولہ بالا:10/490، تهذيب التهذيب، محولہ بالا:4/89)۔

(19) الرسالة المستطرفة، محولہ بالا:31، سير أعلام النبلاء، محولہ بالا:13/291۔

(20) مقدمة تحفة الأحوذي، محولہ بالا:1/335۔

(21) امام ابن جُرَيْج مکی کی کنیت خالد اور نام عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج ہے۔ مکہ معظمہ کے بلند پایہ حافظ حدیث اور حرم پاک کے نامور فقیہ ہیں۔ چوٹی کے عالم اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ 80 ہجری میں پیدا اور 150 ہجری میں فوت ہوئے (دیکھئے: سير الأعلام، محولہ بالا:2/98، 99، 111، تذكرة الحفاظ، محولہ بالا:1/127، 128 (164) تهذيب التهذيب، محولہ بالا:6/402 (855))۔

(22) امام سفيان بن عُيَيْنه الهلالي کی کنیت ابومحمد ہے۔ آپ کوفہ کے رہنے والے بہت بڑے عالم، شیخ الاسلام اور نامور حافظ حدیث ہیں۔ 107 ہجری میں آپ پیدا ہوئے (سير الأعلام، محولہ بالا:8/454، تذكرة الحفاظ، محولہ بالا:1/193 (249)، ميزان الاعتدال، محولہ بالا:2/170، تهذيب التهذيب، محولہ بالا:4/117)۔

(23) امام معمر بن راشد بصری کی کنیت ابوعروہ ہے۔ یہ بصرہ کے رہنے والے چوٹی کے عالم ہیں۔ ملک یمن میں حدیث لکھنے والے پہلے مصنف ہیں (كتاب التاريخ الكبير ، الامام أبو عبدالله اسماعيل بن ابراهيم الجعفي البخاريؒ (م256ھ) :7/378 ، المكتبة الاسلامية تركيا ، س—ن ، تذكرة الحفاظ ، محولہ بالا: 1/142 (184) ، سير أعلام النبلاء، محولہ بالا:7/5، معجم المؤلفين ، عمر رضاكحالة:12/309، دار احياء التراث العربي بيروت — لبنان ، س—ن)۔

(24) امام علی بن مدینی بصری کی کنیت ابوالحسن ہے۔ بنوسعد کی طرف نسبت ولاء کی وجہ سے سعدی کہلاتے ہیں۔ یہ حافظ زمانہ اور محدثین کے پیشوا ہیں۔ اپنے پیچھے بہت سی تصانیف چھوڑی ہیں۔ سال ولادت 161 ہجری ہے (كتاب التاريخ، محولہ بالا:6/284، الجرح والتعديل، محولہ بالا:6/1064، تذكرة الحفاظ، محولہ بالا:2/13 (436)، سير أعلام النبلاء، محولہ بالا:11/41، تهذيب التهذيب، محولہ بالا:7/349 (575))۔

(25) امام يحيىٰ بن معين البغدادي (سيدالحفاظ) کی کنیت ابوزکریا ہے۔ اپنے زمانہ کے یگانہ روزگار تھے۔ یہ ثقہ اور حدیث کے اماموں میں سے ایک امام ہیں۔ 158ھ میں پیدا ہوئے (كتاب التاريخ الكبير، محولہ بالا:8/307، تهذيب الكمال في اسماء الرجال ، الحافظ جمال الدين أبو الحجاج يوسف بن عبدالرحمن المزيؒ (م742ھ):3/1519، مؤسسة الرسالة الطبعة الأولى:1413ھ، سير أعلام النبلاء، محولہ بالا: 11/71، تذكرة الحفاظ، محولہ بالا:2/14 (437)، تهذيب التهذيب، محولہ بالا:11/280 (561)۔

(26) تفصیل سے حالات زندگی کے لیے دیکھئے: التاريخ الكبير، محولہ بالا:6/130، الجرح والتعديل، محولہ بالا:

6/204، الثقات، محولہ بالا:8/412(14146)، تهذيب الكمال فى اسماء الرجال، محولہ بالا:2/829، سير أعلام النبلاء، محولہ بالا:9/563، ميزان الاعتدال، محولہ بالا:2/609، تذكرة الحفاظ، محولہ بالا: 1/266(357)، البداية والنهاية، محولہ بالا:10/265، 326، تقريب التهذيب، ابو الفضل الحافظ محمد بن حجر العسقلانی(م852ھ):1/505، دارالرشید حلب، 1406ھ، (1183)، تهذيب التهذيب، محولہ بالا:6/310(608)، هدى الساری(مقدمة فتح الباری)، الحافظ محمد بن حجر العسقلانیؒ(م852ھ):419، دارالفکر بیروت، س—ن، تاريخ التراث العربی، محولہ بالا:1/144۔

(27) دیکھئے: سابق حوالے۔

(28) مِرآةُ الجَنانُ وعِبْرَة اليَقْظَانِ فِي معرفة ما يعتبرمن حوارد الزمان ، الامام أبو محمد عبدالله بن اسعد بن على بن سليمان اليافعي اليمنى المكى (768ھ):2/52، مؤسسة الأعلمى للمطبوعات بيروت—لبنان، الطبعة الثانية :1390ھ-1970م۔

(28)الف جامع حدیث کی ہر اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں ان آٹھ مضامین یا ابواب کی احادیث مدوّن کی گئی ہوں: سیر، آداب، تفسیر، عقائد، فتن، احکام اور اشراط ومناقب (کشف الباری عما فی صحیح البخاری:1/14)

(29)۔ الرسالة المستطرفة، محولہ بالا:31۔

(30) تاريخ التراث العربی، محولہ بالا:1/145۔

(31) ایضاً۔

(32) تاريخ التراث العربی، محولہ بالا:1/145۔

(33) تذکرۃ المحدثین، مرتب: ضیاء الدین اصلاحی:1/53، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد، طبع اول:1987ء۔

(34) فوائد جامعہ برعجالہ نافعہ، شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، شارح: مولانا محمد عبدالحلیم چشتی:74، نور محمد کارخانہ تجارت کتب، کراچی، طاول:1383ھ-1964ء، مقدمة تحفة الأحوذی، محولہ بالا:1/334۔

(35) حجة الله البالغة، شاه ولى الله محدث دهلوىؒ(م1176ھ):1/327، المكتبة السلفية، لاهور ، س—ن۔

(36) بستان المحدثین (فارسی، اردو)، شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ (م1239ھ):126، ترجمہ: مولانا عبدالسمیع دیوبندی، ایچ ایم سعید کمپنی کراچی، 1993ء۔

(37) دیکھئے: حدیث نمبر320۔ عطاء بن یسار کی کنیت ابومحمد ہے۔ یہ مدینہ منورہ کے قابل اعتماد عالم، جلیل القدر محدث اور سینہ میں علم کا خزانہ محفوظ رکھنے والے مشہور فقیہ ہیں۔ انہوں نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

(التاریخ الکبیر، محولہ بالا: 6/461، الجرح والتعدیل، محولہ بالا: 6/1867، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا: 1/70(80)، سیر أعلام النبلاء، محولہ بالا: 4/448، تهذیب التهذیب، محولہ بالا: 7/317(399))۔

(38) کتاب الطهارة ، باب غسل الذراعین، حدیث نمبر1۔

(39) ایضاً، حدیث نمبر4۔

(40) ایضاً، حدیث نمبر6۔

(41) ایضاً، باب المسح بالأذنین، حدیث نمبر23۔

(42) ایضاً، حدیث نمبر30۔

(43) ایضاً، حدیث نمبر34۔

(44) ایضاً، باب غسل الرجلین، حدیث نمبر62۔

(45) ایضاً، باب هل یتوضأ لکل صلاة أم لا؟، حدیث نمبر167۔

(46) ایضاً، حدیث نمبر168۔

(47) ایضاً، باب جلود المیتة اذا دُبغت ، حدیث نمبر184۔

(48) ایضاً، باب سؤر الفأرة، حدیث نمبر277۔

(49) ایضاً، باب الماء تمسّه الجنب أویدخله ۔

(50) ایضاً، باب سؤر الدوابّ، حدیث نمبر366۔

(51) ایضاً، باب من قال لا یُتوضأ مما مست النار، حدیث نمبر639۔

(52) مصنف عبدالرزاق، کتاب أهل الکتابین ، باب المشرك یتحول من دین الی دین هل یترك، روایت نمبر(19228)۔

(53) امام ابن جُرَیْج مکی کی کنیت خالد اور نام عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج ہے۔ مکہ معظمہ کے بلند پایہ حافظ حدیث اور حرم پاک کے نامور فقیہ ہیں۔ چوٹی کے عالم اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ 80 ہجری میں پیدا اور 150 ہجری میں فوت ہوئے (دیکھئے: سیر الأعلام، محولہ بالا: 2/98، 99، 111، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا: 1/127، 128(164) تهذیب التهذیب، محولہ بالا: 6/402(855))۔

(54) ایضاً، باب هل تهدم کنائسهم ؟ وما یمنعوا، روایت نمبر(19232)۔

(55) دیکھئے: اوپر حاشیہ نمبر18۔

(56) امام عمرو بن میمون الأودی کی کنیت أبو عبداللہ ہے۔ یہ یمن کے مشہور قبیلہ بنو مذحج سے نسبت رکھتے ہیں۔ بعد میں کوفہ آ بسے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں مدینہ منورہ حاضر ہو کر علم حدیث حاصل کیا۔ ان کی احادیث کم

ہیں مگر حدیث کی سب کتب میں موجود ہیں (الطبقات الکبری (ابن سعد)، محولہ بالا :6/71، 75، 108، 362، التاریخ الکبیر، محولہ بالا:6/367، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا:1/52(55)، سیر أعلام النبلاء، محولہ بالا: 4/158، تهذیب التهذیب، محولہ بالا:8/109(180))۔

(57) حضرت عکرمہ (حبرِ امت) کی کنیت أبوعبداللہ ہے۔ مدینہ منورہ کے رہنے والے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس کے مولیٰ ہونے کی وجہ سے ہاشمی کہلاتے ہیں۔ بربرقوم سے تعلق رکھتے ہیں (کتاب التاریخ الکبیر، محولہ بالا:7/49، الجرح والتعدیل، محولہ بالا:7/41، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا:1/73(87)، سیر أعلام النبلاء، محولہ بالا:5/12، تهذیب التهذیب، محولہ بالا:7/263)۔

(58) امام وکیع بن جرّاح روّاسی کوفی کی کنیت ابوسفیان ہے۔ آپ کوفہ کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور چوٹی کے اماموں میں سے ایک امام ہیں۔ 119 ہجری میں پیدا ہوئے (میزان الاعتدال، محولہ بالا:4/335، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا:1/224(284)، تهذیب التهذیب، محولہ بالا:11/123(211))۔

(59) امام عبداللہ بن مبارک الحنظلی کی کنیت أبوعبدالرحمٰن ہے۔ یہ بنوحنظلہ کے ساتھ نسبت ولاء کی بناء پر حنظلی کہلاتے ہیں۔ علم کے سمندر اور نامور محدث ہیں (الطبقات الکبری (ابن سعد)، محولہ بالا:9/121، التاریخ الکبیر، محولہ بالا: 5/212، سیر أعلام النبلاء، محولہ بالا:8/378، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا:1/201(260)، تهذیب التهذیب، محولہ بالا:8/282(657))۔

(60) امام اسماعیل بن علیّہ بصری کی کنیت ابوالبشر اور نام اسماعیل بن ابراہیم ہے۔ علیہ ان کی والدہ کا نام ہے۔ یہ بصرہ کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور چوٹی کے پختہ کار عالم ہیں (التاریخ الکبیر، محولہ بالا:۱/۴۵، الجرح والتعدیل، محولہ بالا:7/1167، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا:1/235(303)، سیر أعلام النبلاء، محولہ بالا:9/107، تهذیب التهذیب، محولہ بالا:9/73)۔

(61) تفصیل کے لیے دیکھئے: التاریخ الکبیر، محولہ بالا:2/365، الجرح والتعدیل، محولہ بالا:5/737، الثقات، محولہ بالا:8/358، میزان الاعتدال، محولہ بالا:2/490، تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا:2/16(439)، لسان المیزان الحافظ محمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ (م852ھ):7/268، موسسة الأعلمی بیروت، س-ن، سیر الأعلام، محولہ بالا:11/122، البدایة والنهایة، محولہ بالا:10/315، تقریب التهذیب، محولہ بالا: 1/445(589)، تهذیب التهذیب، محولہ بالا:2/2(1)، معجم المؤلفین، محولہ بالا:6/107، شذرات الذهب، محولہ بالا:2/85، تاریخ التراث العربی، محولہ بالا:1/161۔

(62) تذکرۃ الحفاظ، محولہ بالا:2/16(439)۔

(63) امام ابو عبید قاسم بن سلام البغدادی سمندر جیسا علم رکھنے والے فقیہ اور مجتہد تھے۔لغت کے امام اور بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔(سیر أعلام النبلاء،محولہ بالا:10/490،تذکرۃ الحفاظ،محولہ بالا:2/5(423)، لسان المیزان،محولہ بالا:7/338،تهذیب التهذیب،محولہ بالا:8/315(572))۔

(64) تاریخ بغداد،محولہ بالا:10/69،تذکرۃ الحفاظ،محولہ بالا:2/17، سیر أعلام النبلاء،محولہ بالا:11/124، بستان المحدثین،محولہ بالا:129۔

(65) البدایة والنهایة،محولہ بالا:10/315۔

(66) بستان المحدثین،محولہ بالا:128۔

(66) الف۔تہذیب التہذیب3/6

(67) كشف الظنون عن أسامی الكتب والفنون ، ملاكاتب چلیپی مصطفی بن عبداللّٰه المعروف به حاجی خلیفه(م1067ھ):1711،مكتبة المثنی بغداد،آفسٹ فوٹو استنبول،س۔ن،الفهرست: 285،هدیة العارفین أسماء المؤلفین والمصنفین ، اسماعیل باشا البغدادی:1/440 ، مكتبة المثنی بغدادی،س۔ن۔

(68) ایضاح المكنون فی الذیل علی كشف الظنون ، اسماعیل بن محمد البغدادی:1/36 ، حیدر آباد ، دكن،1359،هدیة العارفین،محولہ بالا:1/440۔

(69) الكتاب المصنف فی الأحادیث والآثار ، الامام الحافظ أبو بكر عبداللّٰه بن محمد بن أبی شیبة الكوفی العبسی(م235ھ):1/7 ، ضبط و تصحیح : محمد عبدالسلام شاهین، دارالكتب العلمیة بیروت– لبنان ، الطبعة الأولی:1416ھ-1995م۔

(70) ایضاً۔ ٦٦۔ ایضاً۔

(71) كشف الظنون،محولہ بالا:437،هدیة العارفین،محولہ بالا:1/440۔

(72) هدیة العارفین،محولہ بالا :1/440۔

(73) هدیة العارفین،محولہ بالا:1/440۔

(74) ایضاً۔

(75) ایضاً۔

(76) ایضاً۔

(77) ایضاً، سیر الأعلام،محولہ بالا:11/122، تذکرۃ الحفاظ،محولہ بالا:2/17(439)۔

(78) البداية والنهاية،محولہ بالا:10/315۔

(79) دیکھئے:اوپر حاشیہ نمبر12۔

(80) سير أعلام النبلاء،محولہ بالا:13/286۔

(81) ایضاً:13/287۔

(82) علامہ ابن حزم ظاہری قرطبی اندلسی کی کنیت أبو محمد اور نام علی بن احمد بن سعید بن حزم بن غالب ہے۔قرطبہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور مجتہد فقیہ ہیں۔۳۸۴ھ میں قرطبہ میں پیدا ہوئے (العَبَر فِي خَبَرِ من غَبَرَ ، الامام محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي (م748ھ):239،دارالفكر بيروت – لبنان، الطبعة الأولى:1418ھ/ 1997م،تذكرة الحفاظ،محولہ بالا:3/227(1016)،هدية العارفين،محولہ بالا:1/690،النجوم الزاهرة في ملوك مصر والقاهرة ، ابن تغرى بردى ، قدم له و علق عليه محمد حسين شمس الدين:5/75، دارالكتب العلمية بيروت– لبنان ،الطبعة الأولى:1413ھ)۔

(83) تذكرة الحفاظ ،محولہ بالا:3/231(تذکرہ ابن حزم نمبر شمار 1016)۔

(84) ابن ماجہ اور علم حدیث،مولانا محمد عبدالرشید نعمانی:۴۶،میر محمد کتب خانہ مرکز علم وادب آرام باغ،کراچی،س ن۔

(85) تذکرۃ المحدثین(اصلاحی)،محولہ بالا:1/88،89،بحوالہ تهذيب التهذيب ،محولہ بالا :جلد2۔

(86) حجة الله البالغة(عربی،اردو)،محولہ بالا:328۔

(87) كشف الظنون،محولہ بالا:2/1712،مقدمة تحفة الأحوذى ،محولہ بالا:1/334۔

(88) ابن ماجه اور علم حديث،محولہ بالا:47،بحوالہ حواشی ذیل تذکرۃ الحفاظ از محدث زاہد الکوثری:185،طبع دمشق۔

(89) دیکھئے:ابن ماجه اور علم حديث،محولہ بالا:46۔

(90) مزید تفصیل کے لیے دیکھئے:ابن ماجه اور علم حديث ،محولہ بالا:46۔

(91) ابن ماجه اور علم حديث ،محولہ بالا:46۔

(92) مصنف ابن أبي شيبة في الأحاديث والآثار،ضبطه وعلق عليه الأستاذ سعيد اللحام:1/9،دار الفكر،س–ن۔

(93) ایضاً:1/10۔



خطِ نستعلیق میں سورۃ الفاتحہ۔

پاکستان کے مایۂ ناز خطاط سید انور حسین نفیس رقم مرحوم (۱۹۳۳ء-۲۰۰۸ء) کے
قلم کا ایک شاہکار اس میں الفاظ کی نشست اور بندش قابل دید اور قابلِ داد ہے

خواتین کی تعلیم وترقی اسوہ رسول اور تعامل امت کے تناظر میں

[ایک تقابلی جائزہ]

* ڈاکٹر محمد ادریس لودھی

جس زمانے میں رسول اللہ ﷺ خداوند کریم کا پیغام پہنچانے کے لئے مبعوث ہوئے عورت ساری دنیا میں محکوم تھی اور کمترین سمجھی جاتی تھی۔ وہ بہت سے قانونی حقوق سے محروم تھی۔ اس وقت جو مذاہب وقوانین رائج تھے ان کی رو سے عورت مردوں کی اس قدر محکوم تھی کہ مذہبی امور تک میں حصہ لینا اس کے لئے ممنوع تھا۔ عورت ان کے نزدیک سرچشمہ گناہ تھی۔ عرب کی عورتوں کا حال بھی دوسرے ملکوں کی عورتوں سے کچھ بہتر نہ تھا بلکہ مقابلۃً بدتر ہی تھا۔ اس کی حیثیت اس سے زیادہ نہ تھی کہ اس کا کام صرف یہ تھا کہ قبیلے کی عزت کو محفوظ رکھنے کے لئے جفاکش سپاہی پیدا کرتی رہے۔ لڑکیوں کو زندہ دفن کر دینے کا رواج بھی مفاخرت کے اسی جھوٹے تصور کا پیدا کردہ تھا۔ ان گنت بیویاں رکھنا بھی عام تھا اور اس پر کسی قسم کی کوئی پابندی نہ تھی۔ عورت کو حقوقِ مطلقاً حاصل نہ تھے۔ وہ کسی جائیداد کی وارث تک نہ ہو سکتی تھی بلکہ وہ خود بھی جائیداد کا ایک حصہ تھی کہ جب اس کا شوہر مر جاتا تو وہ شوہر کے بیٹے اور جانشین کے حصہ میں جائیداد کی طرح منتقل ہو جاتی اور وہ اس کی مرضی کے خلاف اپنی بیوی بنا لینے کا حقدار سمجھا جاتا تھا۔

عرب معاشرہ میں عورت بے وقعت و بے وقار تھی۔ اس پر سب سے بڑی گواہی قرآن حکیم کی یہ دو آیات ہیں

﴿وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ○ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ. اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ﴾ (1)

''جب ان میں سے کسی کو بیٹی کے پیدا ہونے کی خبر ملتی ہے تو اس کا منہ سیاہ ہو جاتا ہے اور غمگین ہو جاتا ہے۔ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اور سوچتا ہے کہ آیا ذلت برداشت کر کے لڑکی کو زندہ رہنے دے یا زمین میں گاڑ دے''۔

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

عورت سے غیر انسانی سلوک کی وضاحت اس آیت میں بھی ہوتی ہے:

﴿ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ○ بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ ﴾ (2)

''جب زندہ دفنائی گئی لڑکی سے پوچھا جائے گا کہ وہ کس گناہ پر ماردی گئی''۔

عرب کے بعض قبائل میں نوازائیدہ بچیوں کو زندہ درگور دفن کرنا معیوب نہیں تھا۔قیس بن عاصم نے زمانہ جاہلیت میں آٹھ دس لڑکیاں زندہ دفن کی تھیں۔(3)

عہد جاہلیت کا عرب معاشرہ از اول تا آخر بگڑ چکا تھا۔لغو رسم ورواج کی پابندی نے ان کی خانگی زندگی کو باہمی اعتماد اور سچی خوشیوں سے محروم کر دیا تھا۔نکاح،طلاق، عدت،نفقہ، رضاعت اور دوسرے مسائل کا عائلی زندگی سے گہرا تعلق ہے۔یہ ہر قسم کی معقولیت سے عاری تھے۔اسلام نے یک لخت پہلے نظام کو درہم برہم کر کے نہیں رکھ دیا بلکہ اس کی اصلاح کے لئے تدریجی اقدامات کئے تاکہ مقصد بھی پورا ہو جائے اور عجلت میں کی گئی اصلاحات سے جو مشکلات پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں ان سے بھی کم سے کم سابقہ پڑے۔(4)

عورت قدیم وجدید جاہلی دور میں

یونانی دیومالا میں ایک خیالی عورت (Pandora) کو انسانی مصائب کا سبب قرار دیا گیا۔یونانی بیوی کا مقام نہایت پست تھا۔بچپن میں والد جوانی میں شوہر اور بڑھاپے یا بیوگی میں بیٹوں کے رحم وکرم پر تھی۔(5) رومی معاشرے میں باپ اور شوہر کو اختیار تھا کہ وہ عورت کو گھر سے نکال دیں۔شوہر بیوی کو قتل کر سکتا تھا۔غلام کی طرح خدمت کرنا عورت کا مقصد تھا۔(6)

ہندومت میں عورت بالکل بے حیثیت ہے۔مشہور ہندو مقنن منوراج نے لکھا ہے:عورت لڑکپن میں اپنے باپ کے اختیار میں رہے، جوانی میں شوہر کے اختیار میں اور بیوہ ہونے کے بعد اپنے بیٹوں کے اختیار میں رہے خود مختار ہو کر کبھی نہ رہے۔(7) جھوٹ بولنا،فریب حماقت، طمع ناپاکی بے رحمی عورت کے جبلی عیب ہیں۔جھوٹ بولنا عورت کی ذاتی خاصیت ہے۔(8)

Ancient India کے مؤلف آر سی دت کے مطابق چھٹی صدی عیسوی ہندوستان کی اجتماعی حالت کا تاریک دور تھا۔عورت کی کوئی قدر و قیمت نہ تھی۔عزت وعصمت باقی نہ رہی تھی۔مہا بھارت کے مطابق شوہر اپنی بیوی کو جوئے میں ہار جاتا تھا۔(9) اگر اس کا شوہر مر جاتا تو وہ زندہ درگور کی مانند ہوتی۔بیوہ دوسری شادی نہ کر سکتی تھی۔شوہر کے انتقال پر وفاشعاری کے طور پر عورت ستی ہو جاتی۔(10) پروفیسر ودیادھر مہاجن کے مطابق ہندومت میں ذات پات کی پابندیاں نہایت شدید تھیں اور بیوہ کو دوسری شادی کا کوئی حق نہ تھا۔(11) سنسکرت میں لڑکی کو دوھتر (دور کی ہوئی) اور بیوی کو پتنی (مملوکہ) کہا جاتا ہے۔عورت کو مذہبی تعلیم سے محروم رکھا جاتا تھا۔(12)

یہودی روایات کے مطابق عورت ناپاک وجود ہے۔بیوہ کو دوسری شادی کا حق نہیں۔کائنات میں گناہ کا سبب عورت ہے۔مرد عورت کی وجہ سے جنت سے نکلا اس لئے عورت ہمیشہ اس کی محکوم رہے گی۔(13) عیسائی تعلیمات کے مطابق عورت فریب کھا کر گناہ کا شکار ہوئی۔مرد عورت کے لئے نہیں بلکہ عورت مرد کے لئے ہے۔عورت شیطان کا آلہ ہے۔(14) جبکہ اسلامی تعلیمات کے مطابق عورت سے نکاح کے بعد مرد بہت سے شیطانی حملوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔آنحضور ﷺ نے نکاح کے متعلق فرمایا:

((فانه اغض للبصر واحصن للفرج))(15)

''نکاح شرم گاہ اور نگاہ کو محفوظ کرنے کا بہترین ذریعہ ہے''۔

ڈاکٹر خالد علوی لکھتے ہیں:

> ''بعض معاشروں میں عورت کو سیادت تو حاصل رہی مگر وہ مرد کی خادمہ اور معاون کی حیثیت سے معروف رہی..... ہندو یہودی عیسائی ایرانی یونانی رومی اور ایامِ جاہلیت کے عرب معاشروں میں اس کی حالت ناگفتہ بہ رہی ہے۔اسلامی معاشرہ میں البتہ اسے بلند مقام دیا گیا اور ذلت وپستی سے نکال کر اسے انسانی معیار تک لایا گیا''۔(16)

قرونِ وسطیٰ میں عورتوں کو مشرق ومغرب دونوں جگہ مرد کے مقابلہ میں تعلیم کے مواقع بہت کم میسر تھے۔ Wieth Knudsen کے مطابق عورت مطلقاً بے اختیار تھی۔(17) انسائیکلوپیڈیا آف ایجوکیشن کے مقالہ نگار Francesco Da Barberino کے مطابق اس دور میں تعلیم کو شریف خواتین کے لئے معیوب سمجھا جاتا تھا۔

تاجر وصنعت کار طبقہ کی خواتین کو تعلیم کی قطعاً ممانعت تھی۔(18)

Short history of woman کے مطابق اعلیٰ خاندان کی خواتین کو تعلیم کی معمولی شد بد حاصل تھی۔ ان کا منتہائے علم داستانوں اور عشقیہ افسانوں تک محدود تھا۔(19) Victor Chopart کے مطابق انگلستان اور روم میں مردوں کے مقابلہ میں عورتوں کی تعلیم کی کچھ اہمیت نہ تھی۔(20) Kinght of latour landry عورتوں کے لئے معمولی تعلیم کو ہی کافی سمجھتا تھا۔ لوگ اپنے وصیت ناموں میں لڑکیوں کی تعلیم کی بجائے ان کی شادیوں کے لئے رقم مخصوص کرتے تھے۔(21)

تعلیم نسواں اور اسلام

اس قدیم انسانی اور موجودہ مغربی اور مسلم معاشرے کے برعکس اسلام خواتین کو انسانی شرف، اعلیٰ سماجی مقام، مکمل معاشی تحفظ اور علم واخلاق کے ذریعہ سے اس کے فطری ارتقاء کا داعی اور معلم ہے۔

> ''اسلام کا اعلان یہ ہے کہ عورت کوئی حقیر یا نجس وجود نہیں ہے وہ کوئی لایعقل اور بے مقصد ہستی نہیں وہ شیطان کی ایجنٹ یا گناہوں کی ٹھیکہ دار بنا کے نہیں اتاری گئی..... بلکہ جس نفس واحدہ سے مرد وجود میں آیا ہے اسی سے عورت بھی وجود میں آئی ہے۔ جس طرح انسانی معاشرہ کا ایک اہم رکن مرد ہے اسی طرح معاشرے کی دوسری اہم رکن عورت ہے''۔(22)

آنحضور ﷺ نے نسل انسانی کے ان دونوں افراد (مرد وعورت) کی تعلیم وترقی کے لئے یکساں اہتمام کیا..... کیونکہ تعلیم سے فرد کی ذہنی جسمانی اور روحانی تربیت ہوتی ہے اور فرد کو اجتماعی زندگی میں اپنا تعمیری کردار ادا کرنے کے قابل بناتی ہے۔ جہالت اور لاعلمی فرد اور اجتماعیت دونوں کے لئے بیرونی حملہ آور دشمن سے زیادہ خطرناک اور مضر ہے کیونکہ تعلیم کا مقصد فرد کو تمام فرائض بطریق احسن ادا کرنے کے قابل بنانا ہے۔(23) افلاطون (Plato) (347 تا 427 ق م) کے نزدیک تعلیم کا بنیادی مقصد فرد کی قدرتی صلاحیتوں کو دریافت کر کے ان کو نشوونما دینا ہے۔ اس کے شاگرد ارسطو Aristotle (322 تا 384 ق م) کے مطابق معیاری تعلیم وہ ہے جو جسم اور عقل فعالی

اور عقل انفعالی کی تربیت پر مشتمل ہو۔ وہ غلام بچیوں اور عورتوں کو معیاری تعلیم دینے کے خلاف ہے کیونکہ ان میں بصیرت کی کمی ہوتی ہے۔(24) ایک اور مفکر نے معاشرتی نظم وضبط کی کامیابی کو تعلیم کا مقصد قرار دیا ہے۔(25) Sir Percy Nun نے تعمیر کردار حیات کامل بسر کرنے کا طریقہ اور اچھے جسم میں اچھے ذہن کی نشوونما کو تعلیم کے مقاصد میں شامل کیا ہے۔(26)

بقول شبلی (م1332ھ/1914ء) نفوس انسانی کے اخلاق وتربیت کی اصلاح کائنات کا سب سے بڑا مقدم فریضہ ہے۔ تمام فضائل اخلاق کے اصول وفروع کی نہایت صحیح تشکیل اور پھر ان کی عملی تعلیم رائج کی جائے۔ دنیا میں اس مقصد کے لئے وعظ ونصیحت، اخلاق حسنہ کے موضوع پر کتب تصنیف کی گئیں یا پھر جبری طریقہ کو اپنایا گیا لیکن سب سے زیادہ صحیح کامل اور عملی طریقہ یہ ہے کہ فضائل اخلاق کا ایک پیکر مجسم سامنے آجائے جو ہمہ تن آئینہ عمل ہو جس کی ہر جنبش لب ہزاروں تصانیف کا کام دے لیکن انسانی تاریخ میں صرف ایسے نفوس قدسیہ موجود ہیں جو فضائل اخلاق کے کسی خاص صنف کے نمونہ تھے۔

مسیحی مکتب فکر میں حلم تحمل صلح عفو قناعت تواضع کی تعلیم ہے حکومت وریاست کی تعلیم نہیں ہے۔ جناب موسیٰ اور نوح علیہم السلام کے اوراق تعلیم میں عفو عام کے صفحے خالی ہیں۔(27) تاریخ انسانیت میں صرف آنحضور ﷺ کی ہستی وہ منفرد ذات ہے جن کا پیغام ہر دور ہر مقام اور طبقہ انسانیت کے لئے مکمل جامع محفوظ اور عملی رہنمائی کا سامان رکھتا ہے۔ آپ کی بعثت میں ایک اتمامی شان اور تکمیلی رنگ ہے۔(28)

ڈاکٹر مائیکل ہارٹ نے حضور ﷺ کے بارے میں لکھا ہے:

"He was the only man in history who was supermely successful on both the religious and secular levels". (29)

آپ کی بعثت سے قبل انسانیت لاادریت Agnosticism اور ارتیابیت (Scepticism) کا شکار تھی۔ آنحضور ﷺ کے پیغام سے اتمام حجت اور قطع عذر کے تقاضے مکمل ہوئے۔ آپ جس طرح طبقہ رجال کے لئے نمونہ کامل ہیں اس طرح طبقہ نسواں کے بھی کامل ہادی ورہنما ہیں اس لئے تمام مومنین اور مومنات کے لئے آپ کی اطاعت لازم ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ﴾(30)

''کسی مومن مرد وعورت کو حق نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کوئی امر مقرر کر دیں تو اس کام میں وہ اپنا بھی کچھ اختیار سمجھیں''۔

قرآن حکیم میں آنحضورﷺ کی بعثت کے چار مقاصد بیان ہوئے۔

﴿هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ﴾ (31)

''تلاوت آیات، تزکیہ نفس، تعلیم کتاب، تعلیم حکمت''

ان مقاصد اربعہ کے بیان میں قرآن حکیم نے مرد وزن کی تخصیص نہیں کی چنانچہ ان نبوی فرائض کی تکمیل کے لئے رنگ نسل خون جنس علاقہ کی تخصیص کے بغیر تمام انسانیت آپ کی مخاطب تھی۔

''معلم خیر نے اپنی تعلیم کو صرف ایک طبقہ تک محدود نہیں رکھا تھا بلکہ آپ معاشرے کے ہر طبقے کو استفادہ کا موقع دیتے تھے۔ خواتین نے مطالبہ کیا ہمیں بھی وقت ملنا چاہئے تو آپﷺ نے ان کے لئے علیحدہ وقت مقرر کیا ان کے مسائل کو بغور سنتے اور جواب دیتے تھے''۔(32)

عورتیں نہایت دلیری کے ساتھ آپﷺ سے بے محابا مسائل دریافت کرتی تھیں اور صحابہ کو ان کی اس جرأت پر حیرت ہوتی تھی لیکن آپﷺ کسی قسم کی ناگواری ظاہر نہیں فرماتے تھے۔(33) آپﷺ نے اپنا منصب ان الفاظ میں بیان کیا:

((انما بعثت معلماً))(34) ''مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے''۔

آپﷺ کی تعلیم ہر لحاظ سے جامع اور ہر شعبہ زندگی پر حاوی تھی۔ مکی زندگی میں آپ کی تعلیمی سرگرمیاں نجی حیثیت سے اور مدنی زندگی میں نجی اور سرکاری ہر دو حیثیت سے جاری ہیں۔ مسجد نبوی آپﷺ کے علم کی نشر واشاعت کا سب سے بڑا ذریعہ تھی۔ ڈاکٹر حمید اللہ (م1423ھ/2002ء) لکھتے ہیں:

''آپ ﷺ کی تعلیمی سرگرمیوں میں مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں کو بھی اہمیت دی گئی۔ تاریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کے مبارک عہد میں معلمین کی طرح معلمات کا بھی تقرر ہوتا تھا۔ حضرت ام ورقہؓ بنت عبداللہ اور حضرت عائشہؓ کا شمار عہد رسالت کی معلمات میں بجا طور پر کیا جا سکتا ہے''۔(35)

خود مدینہ کے اندر بہت سے قبائل آباد تھے۔ ہر قبیلہ کا الگ الگ محلّہ تھا اور ہر محلّہ میں ایک ایک مسجد تھی۔

امام ابوداؤد (م 275ھ/ 889ء) نے اپنی کتاب المراسیل میں بسند لکھا ہے کہ صرف مدینہ کے اندر آپؐ کے زمانہ میں نو مسجدیں تھیں جہاں الگ الگ جماعتیں ہوتی تھیں ان کے نام یہ ہیں۔ مسجد بنی عمرو، مسجد بنی ساعدہ، مسجد بنی عبید، مسجد بنی سلمہ، مسجد بنی راتج، مسجد بنی زریق، مسجد غفار، مسجد اسلم، مسجد جہینہ ان کے علاوہ متفرق روایات میں مختلف قبائل کی حسب ذیل مسجدوں کا اور پتہ لگتا ہے۔ مسجد بنی حدرہ، مسجد اُمیہ (انصار کا ایک قبیلہ تھا)۔(36)

قرآن حکیم آپ کا نصاب تعلیم تھا۔ چنانچہ کتابت علم وفن سے متعلق قرآن حکیم میں بہت ہی واضح الفاظ ملتے ہیں۔

1. قلم

﴿الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ﴾ (37) جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا۔

2. مرقوم

کتابٌ مرقوم (38) اور ایک نشان کی ہوا دفتر ہے۔

3. اسفار

﴿مَثَلُ الَّذِیْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰةَ ثُمَّ لَمْ یَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارًا﴾(39)
جن لوگوں کو تورات پر عمل کا حکم دیا گیا پھر انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا تو ان کی حالت اس گدھے کی سی ہے جو بہت سی کتابیں لادے ہوئے ہے۔

ان الفاظ قرآنی سے فن کتابت اور علم وکمال کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔ حصول علم اور اس کی نشر واشاعت کے لئے قلم ہی سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

''اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا کیا''۔(40)

کسی قوم میں کسی پیغمبر کا مبعوث ہونا تعلیم کے سوا کسی اور غرض کے لئے نہیں ہوتا۔ (41) نبوی معاشرہ میں عورت کو دنیا کا قیمتی متاع قرار دیا گیا۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

((الدنیا متاع و خیر المتاع الدنیا المراۃ الصالحۃ))(42)

''دنیا کا بہترین سرمایہ صالح عورت ہے''

آپ نے خواتین کی تعلیم و ترقی کے لئے سماجی اور معاشی ہر میدان میں ان کی رہنمائی کی بخاری کی روایت ہے:

((قام النبی ﷺ یوم الفطر فصلٰی فبدا بالصلاۃ ثم خَطبَ فلما فَرغ نزل فَاتی النساء فَذَکرھُنَّ))(43)

''حضور ﷺ نے عید الفطر کے روز نماز کے بعد خطبہ دیا پھر عورتوں کے مجمع میں گئے اور انہیں نصیحت کی''۔

((قالت النساء للنبی ﷺ غَلبنا عَلیک الرجال فاجعل لنا یومً من نفسکَ فَوَعَدھُنَّ یومًا یَقَھُنَّ فیہ فَوعَظَھُنَّ .....)) (44)

''عورتوں نے آنحضور ﷺ سے کہا کہ مردوں نے آپ سے ہماری نسبت زیادہ حصہ لیا آپ ہمارے لئے ایک مخصوص دن رکھیں آپ نے ہمارے لئے وعدہ فرمایا اس میں آپ ان سے ملے اور انہیں نصیحت کی انہیں صدقہ کا حکم دیا''۔

آپ نے اپنی دعوت و تعلیم کے ذریعے عورت کا احساسِ کمتری ختم کیا۔ اسے گھر مال اور اولاد کی نگران اور ذمہ دار بنایا۔ آپ ﷺ کا فرمان:

((والمرأۃ راعِیۃ علٰی بیتِ بَعلھا وولدہٖ وھی مسئُولۃ عنھم)) (45)

''بیوی اپنے شوہر کے گھر اور اس کے بچوں کی نگران ہے اس سے ان کے متعلق باز پرس ہوگی''

اس حدیث کا تقاضا ہے کہ عورت کی ایسی تربیت کی جائے کہ وہ ان فرائض کو بطریق احسن سرانجام دے۔ فرائض کو بطریق احسن ادا کرنے والوں کی قرآن حکیم میں تعریف کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ. اُولٰٓئِکَ الَّذِيْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِکَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ﴾ (46)

''جو بات کو سنتے اور اس کے عمدہ پہلو پر عمل کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی یہی عقل والے ہیں''۔

مفتی محمد شفیع (م1396ھ/1976ء) لکھتے ہیں:

''یعنی یہ لوگ عقل والے ہیں۔ عقل کا کام ہی یہ ہے کہ اچھے برے حق و باطل میں تمیز کرے اور حسن و احسن کو پہچان کر احسن کو اختیار کرے''۔(47)

مولانا امین احسن اصلاحی (م1418ھ/1997ء) لکھتے ہیں:

''یہ ان کی اس سلیم الطبعی کا بیان ہے جس کی بدولت وہ خدا کی ہدایت اور اس کی بشارت کا مستحق ٹھہرے..... یہ بات توجہ سے سننے اور ہر اچھی بات کی پیروی کرتے رہے یہی لوگ عاقل ہیں اور عاقل ہی خدا کی یاد دہانی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں''۔(48)

مولانا مودودی (م1399ھ/1979ء) لکھتے ہیں:

''یہ لوگ بات کو سن کر غلط معنی پہنانے کی کوشش نہیں کرتے بلکہ اس کے اچھے اور بہتر پہلو کو اختیار کرتے ہیں''۔(49)

اسی لئے آنحضور ﷺ نے اولاد کو ادب سکھانے کی تاکید کی۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((اکرموا اولادکم واحسنوا ادبهم))(50)

''یعنی اپنی اولاد کی عزت کرو اور انہیں ادب سکھاؤ''۔

عورت نسلِ نو کی مربی اور معلم ہے۔ قوموں کا مستقبل ماں کی تربیت کا فیض ہے۔

بقول اقبال (م1357ھ/1938ء):

از امومت پختہ تر تعمیر ما　　در خط سیمائے او تقدیر ما (51)

اسی لئے نبی کریم ﷺ نے بیٹی کے احترام کا درس دیا کیونکہ بیٹی مستقبل کی ماں ہے۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((من كانت له أنثى فلم يئدها ولم يُهنها ولم يُؤثر ولدهُ عليها ادخله الله الجنة))(52)

''جس شخص کے ہاں بیٹی ہو وہ اسے زندہ درگور نہ کرے اسے رسوا نہ کرے اور اپنے بیٹے کو اس پر ترجیح نہ دے تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا۔

ایک اور حدیث میں فرمایا:

((من ابتُلِيَ مِنْ البنات بشئ فاحسن اِلَيْهِنّ كُنَّ له ستراً مِن النّار)) (53)

''جو شخص لڑکیوں کی پیدائش سے آزمائش میں ڈالا جائے پھر اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے تو یہ لڑکیاں اس کے لئے آگ سے بچاؤ کا ذریعہ بنیں گی''۔

((من عال ثلاث بناتٍ فادَّبَهُنَّ وزوّجُهنَّ واحسن اليهن فله' الجنة)) (54)

''جس نے تین بیٹیوں کی پرورش کی انہیں اچھا ادب سکھایا ان کی شادی کی ان سے حسن سلوک کیا وہ جنت میں جائے گا''۔

عورت کو معاشرے میں وقار عطا کیا۔ بیوی کے حقوق سے متعلق فرمایا:

((اطعموهُنَّ مما تاكلون واكسوهُنَّ مِمّا تكسون ولا تضربوهُنَّ ولا تُقبحُوهُنَّ)) (55)

''انہیں کھلاؤ جو تم خود کھاتے ہو انہیں پہناؤ جو تم خود پہنتے ہو انہیں مت مارو انہیں برا مت کہو''۔

معاشرے میں اچھائی کا معیار خواتین سے حسن سلوک کو قرار دیا۔ ارشاد فرمایا:

((خيركم خيركم لاهله وانا خيركم لاهلي)) (56)

''اچھا آدمی وہ ہے جو اپنے اہل خانہ سے اچھا سلوک کرے اور میں اپنے گھر والوں سے اچھا برتاؤ کرنے میں تم سب سے بہتر ہوں''۔

ایک اور حدیث میں فرمایا:

((خیارکم خیارکم لِنسائِہٖ)) (57)

''بہترین لوگ وہ ہیں جو اپنی بیویوں سے اچھا سلوک کرتے ہیں''۔

خود آنحضور ﷺ کے طرزِ عمل سے متعلق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا (م 58ھ/676ء) کا قول ہے:

((کان فی مھنة اھلہٖ))(58) ''آپ ﷺ ہمیشہ اپنے گھر والوں کی خدمت کرتے''

حضور پاک ﷺ کے حسن سلوک اور اعلیٰ اخلاق کا اس قدر مشاہدہ اور تجربہ تھا کہ آپ ؓ فرمایا کرتی تھیں:

((کان خلقہ القرآن))(59) ''یعنی قرآن آپ ﷺ کا اخلاق ہے''۔

کامیاب پُرسکون اور پُرلطف ازدواجی زندگی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور شانِ رحمت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً. اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ﴾ (60)

''اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس کی عورتیں پیدا کیں تاکہ ان کی طرف مائل ہو کر سکون حاصل کرو اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کر دی بے شک غور کرنے والوں کے لئے ان باتوں میں بڑی نشانیاں ہیں''۔

یہ باہمی تعلق درحقیقت اللہ تعالیٰ کی رحمت و حکمت اور قدرت کی نشانی قرار دیا ہے۔(61)

عورت کی اصلی ترقی دنیا میں حیاتِ طیبہ اور آخرت میں عطائے حسنات ہے۔ ان طیبات و حسنات کی بنیاد شرم و حیا پر ہے۔ اسلام شرم و حیا کا دین ہے۔ آنحضور ﷺ نے شرم و حیا کو اسلام کا خصوصی وصف قرار دیا۔(62) اخلاقی تعلیمات میں شرم و حیا ایک ایسی اعلیٰ قدر ہے جو انسان و حیوان بلکہ کفر و اسلام کے مابین فرق کرتی ہے۔

شرم و حیا سے متعلق اسلام کا نقطہ نظر مرد و زن سب کے لئے یکساں اور مبنی بر انصاف ہے۔(63) فلسفہ اخلاق میں شرم و حیا کی بنیادی اہمیت ہے۔

اخلاق دراصل انسانی کردار کی معیاری سائنس ہے..... یہ ایک ایسا معیاری علم ہے جو انسانی کردار کو خیر و ثواب کے نظریے سے پرکھتا ہے۔(64)

شرم وحیا انسانیت کی ایک مشترک اعلیٰ قدر ہے۔ حضور پاک ﷺ نے اسی اعلیٰ انسانی وصف کی تعلیم سے خواتین کی سیرت و کردار کو آراستہ کیا تا کہ وہ معاشرے کی ہوس کا شکار نہ ہو جائے۔ نسوانی تعمیر و ترقی اور ان کی تہذیب و تربیت کے لئے ستر و حجاب جیسی نعمت عظمیٰ سے عورت کو محفوظ و مامون بنا دیا عورت کو قرآن حکیم میں محصنة یعنی خاندان اور معاشرے کی حفاظت میں باعزت زندگی گزارنے والی کہا گیا ہے۔(65)

چنانچہ غض بصر اور تحفظ عصمت کے لئے نیک عورت سے نکاح کا حکم دیا۔ حضرت عثمان بن مظعون نے عورتوں سے بے تعلق رہنے کے لئے نکاح نہ کرنے کی آنحضور ﷺ سے اجازت مانگی لیکن آپ ﷺ نے اجازت نہ دی۔(66) ایک اور روایت میں ارشاد فرمایا:

((لا صَرورةَ فی الاسلام))(67) ''اسلام میں مجرد رہنے کی اجازت نہیں''۔

عورتوں کے نکاح میں بلاوجہ تاخیر سے منع کیا۔(68) بیوی کے انتخاب میں دین دار عورت کو ترجیح دی۔ مناسب رشتہ ملنے پر لالچ اور خاندانی تعصب کی بنا پر اسے رد کرنے اور شادی میں بلاوجہ تاخیر کرنے کو حضور پاک ﷺ نے معاشرے کے لئے بہت بڑا فتنہ قرار دیا۔ حدیث کے الفاظ ہیں:

((اِلّا تفعلو تکن فتنة فی الارض و فسادٌ عریض))(69)

''یعنی دین دار رشتہ ترک کرنے سے ملک میں فتنہ اور بڑا فساد برپا ہوگا''۔

نکاح کے یہ فطری اور عمدہ ضوابط بھی نسوانی ترقی و تحفظ اور تعمیر و اصلاح کا بنیادی وسیلہ ہیں۔ اصلاح نسواں دراصل اصلاح انسانیت ہے۔ سماجی تہذیب و شائستگی کی بنیاد ہے کیونکہ نسل انسانی عورت کی گود میں تربیت پاتی ہے اس لئے ماں کی گود کو اولین درسگاہ قرار دیا جاتا ہے۔

عورت کی تعلیم و ترقی کے لئے پرامن ازدواجی زندگی کو آپ ﷺ نے یقینی بنایا۔ قرآنی تعلیم کے مطابق ازدواجی زندگی میں عفو و درگذر سے کام لینا انسانی گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ بیویوں سے حسن سلوک کے سیاق و سباق میں فرمایا:

﴿مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ﴾ (70)

''جو اللہ کا تقویٰ اختیار کرے گا اللہ تعالیٰ اسے اس کے گناہوں کو دور کر دے گا''۔

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

﴿وَلَا تَنسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُم﴾(71) ''اور آپس میں بھلائی کرنے کو فراموش نہ کرنا''۔

قرآن اپنے ماننے والوں کو بگڑتے ہوئے حالات (طلاق کے موقع پر) میں بھی حسن خلق کی تلقین کرتا ہے(72) حد تو یہ ہے کہ مرد کو مرتے دم تک عورت سے حسنِ سلوک کی تاکید کی گئی ہے۔ مرد کو مرتے وقت بھی حکم ہے کہ وہ عورت کے حق میں اچھی وصیت کرے۔(73)

عورت سے حسن معاملہ کے لئے قرآن حکیم میں معروف کا لفظ استعمال کیا۔(74) یعنی شرافت کے قواعد اور دستور کے مطابق عورت سے حسن سلوک کیا جائے۔ اس کی تعلیم و تربیت تعمیر و ترقی معاشی تحفظ سماجی وقار تمدنی اہمیت خاندانی توقیر مذہبی حیثیت طبعی صحت ذہنی آسودگی نفسیاتی سکون اور روحانی بالیدگی کے لئے تمام تر وسائل اور امکانی جدوجہد کو بروئے کار لایا جائے۔ قرآن پاک کا ارشاد ہے:

﴿ولهنّ مثل الّذی علیهن بالمعروف وللرجال علیهن درجة﴾ (75)

''عورتوں کا حق مردوں پر ویسا ہی ہے جیسے دستور کے مطابق مردوں کا حق عورتوں پر ہے''۔

البتہ مردوں کو عورتوں پر ایک درجہ فضیلت ہے۔ یعنی اس فضیلت کا تقاضا ہے کہ مرد زیادہ ایثار کرے۔

ابن کثیر (م774ھ/1373ء) نے لکھا ہے:

جیسے ان عورتوں پر مردوں کے حقوق ہیں ویسے ہی ان عورتوں کے مردوں پر وہی حقوق ہیں۔ ہر ایک کو دوسرے کا لحاظ و پاس عمدگی سے رکھنا چاہئے۔(76)

عورتوں کے حسن سلوک کے لئے معروف کا لفظ 17 مرتبہ آیا۔

البقرہ 228-229-231 میں 2 مرتبہ 232-233 میں 2 مرتبہ 234-235-236-240-241 النساء 19-25 سورۃ الطلاق آیت 2 میں 2 مرتبہ آیت 6(77)

ان پاکیزہ قرآنی تعلیمات اور آنحضور پاک ﷺ کی عمدہ تربیت کا صحابہ کرام پر یہ اثر تھا کہ وہ اپنی ازواجِ مطہرات کی دلجوئی کا ہمیشہ خیال رکھتے تھے۔ تفسیر ابن کثیر (م774ھ/1373ء) میں ہے کہ سورۃ بقرہ کی آیت ﴿ولهن مثل الذی علیهن بالمعروف﴾ کو پڑھ کر حضرت عبداللہ بن عباس (م68ھ/687ء) فرمایا کرتے

تھے میں پسند کرتا ہوں کہ اپنی بیوی کو خوش کرنے کے لئے میں بھی اپنی زینت کروں جس طرح وہ مجھے خوش کرنے کے لئے اپنا بناؤ سنگھار کرتی ہے۔(78)

ترقی نسواں کا معاشی پہلو

معاشی تحفظ اور آسودگی انسان کے ایمان و عمل کے ارتقا اور اس کی اصلاح و فلاح کا ذریعہ ہے۔ آنحضور ﷺ نے غربت سے کفر کی طرح پناہ مانگی۔(79) آپ ﷺ نے عورتوں کی معاشی ترقی اور تحفظ کے لئے حکماء اور فلاسفہ کی طرح افکار و نظریات ہی پیش نہیں کئے بلکہ ایک عملی انسانی معاشرہ قائم کیا۔ بیوی کی حیثیت سے عورت کا حق مہر اور حق نفقہ مرد پر لازم قرار دیا۔ قرآن پاک کا ارشاد ہے:

﴿وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً﴾ (80)

''اور عورتوں کے حق مہر خوش اسلوبی سے ادا کرو''۔

﴿وَعَلَى الْمَوْلُوْدِلَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ﴾(81)

''اور دودھ پلوانے والی ماؤں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق باپ کے ذمہ ہوگا''۔

﴿يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا﴾ (82)

''مومنو! تمہارے لئے جائز نہیں کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ''۔

حدیث جبرئیل کے مطابق ایمان و اسلام کا سب سے اونچا درجہ احسان ہے۔(83) اہل خانہ پر خرچ کرنے والے کو قرآن حکیم نے محسنین میں شمار کیا۔ اس سے اسلامی سماجی اور معاشی اقدار کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَّمَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ مَتَاعًام بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ﴾ (84)

''یعنی وسعت والا اپنی وسعت کے مطابق دے اور تنگ دست اپنی حیثیت کے مطابق دے نیک لوگوں پر یہ ایک طرح کا حق ہے''۔

مزید فرمایا:

﴿ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴾ (85)

''مطلقہ عورتوں کو دستور کے مطابق نان ونفقہ دینا پرہیزگاروں پر حق ہے''۔

یعنی بیوی کی مالی معاونت اور کفالت سے انسان درجہ احسان تک پہنچ سکتا ہے۔ یہ ہی نہیں بلکہ عورت پر ظلم کو خود اپنی ذات پر ظلم قرار دیا۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ولا تمسكوهُنَّ ضرارًا لتعتَدوا ومن يفعل ذلك فقد ظَلَم نفسه﴾ (86)

''عورتوں کو اس نیت سے نکاح میں مت روکو کہ تم ان کو تکلیف پہنچاؤ یا زیادتی کرو جو ایسا کرے گا وہ خود پر ظلم کرے گا''۔

آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((ولهن عليكم رزقهن وكسوتهن بالمعروف)) (87)

''اور تم پر عورتوں کا یہ حق ہے کہ دستور کے مطابق ان کا لباس اور نفقہ تمہارے ذمہ ہے''۔

بیٹی کی تعلیم وتربیت اور کفالت کے متعلق آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((من عال جاريتين حتى تبلغا جاء يوم القيامه انا وهو هكذا واشار بالسبابة والوسطى فرجّ بينهما شيئا)) (88)

''جس نے دو لڑکیوں کی دیکھ بھال اور پرورش کی یہاں تک کہ وہ سن بلوغ کو پہنچ گئیں تو قیامت کے دن وہ شخص اور میں اس طرح ہوں گے جیسے یہ دو انگلیاں آپ نے پہلی اور درمیانی انگلی سے اشارہ کیا ان کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ تھا''۔

آپ ﷺ نے بیوہ عورت کی کفالت کو جہاد فی سبیل اللہ قرار دیا۔ (89) خواتین کو وراثت کا حق دیا۔ مرد خاندان کا کفیل ہے اس کا حصہ دو عورتوں کے برابر رکھا۔ عورتوں کی اس قانونی حصہ داری میں بظاہر جو عدمِ مساوات سی نظر آتی ہے اس کی تشریح علامہ ڈاکٹر محمد اقبال (م 1357ھ/1938ء) نے یوں کی ہے:

لڑکی کا یہ حصہ اس کی کسی فطری کمتری کی بنا پر نہیں بلکہ اس کے معاشی واقع کے پیش نظر ہے اور اس مقام کی وجہ سے جو اپنے معاشرے کے نظام میں اس کو حاصل ہے۔ ''محمڈن لاء'' کے مطابق لڑکی اس جائیداد کی پوری طرح مالک تصور کی گئی ہے جو اس کو شادی کے وقت باپ کی طرف سے بھی ملتی ہے اور شوہر کی طرف سے بھی۔ مزید برآں مہر بھی کلیۃً اسی کی ملکیت ہوتا ہے جو اس کی مرضی کے مطابق معجّل ہو یا غیر موجل۔ اتنا ہی نہیں بلکہ مہر کی ادائیگی تک وہ اپنے شوہر کی ساری جائیداد اپنے قبضے میں رکھ سکتی ہے۔ ساری عمر کی کفالت کی ذمہ داری بھی (شادی سے پہلے باپ پر اور شادی کے بعد) شوہر پر ہے۔ اگر آپ اس زاویہ نظر سے قانونِ وراثت کے عمل کو دیکھیں تو آپ کو بیٹے اور بیٹیوں کے معاشی مرتبے میں کوئی مادی تفاوت نظر نہیں آئے گا بلکہ حق تو یہ ہے کہ وراثت کی حصہ داری میں بظاہر غیر مساوی نظر آنے والی یہ صورت ہی اصل میں قانونی مساوات مہیا کرتی ہے۔ ''پیرے کرابائنس'' نے جو مصر کی مخلوط ٹربیونل کا سابق امریکی جج تھا اپنے ایک مقالہ میں جس کا عنوان ہے ''محمد ﷺ نے عورت کے لئے کیا کیا'' یہ اعتراف کیا ہے کہ حقوق نسواں کے سلسلہ میں محمد ﷺ کا شاندار کارنامہ وہ حق ملکیت ہے جو انہوں نے اپنی امت کی بیویوں کو عطا کیا۔ قانونی درجہ عورت کا بالکل وہی ہے جو اس کے شوہر کا ہے۔ جہاں تک ایک مسلمان بیوی کے حقِ ملکیت کا تعلق ہے اس کو وہی آزادی حاصل ہے جو کسی پرندے کو پرواز کی حاصل ہے۔ قانون اس کی اجازت دیتا ہے کہ عورت اپنے شوہر کی رائے لئے بغیر اپنے مال ومتاع کو جس طرح چاہے صرف کرے یا ٹھکانے لگادے۔(90)

تقسیم ترکہ کے اس فرق میں ایک اور حکمت ایک اہم علمی نکتہ یہ ہے کہ 12 ذوی الفروض میں 4 مرد اور 8 عورتیں شامل ہیں۔ اس طرح مستحقین وراثت میں مرد اور عورت کی نسبت 1:3 ہے۔(91)

عورتوں کی معاشی کفالت کا فرض مرد پر عائد کرنے کے ساتھ آپ ﷺ نے عورتوں کو معاشی جدوجہد کرنے کی بھی اجازت دی۔ چنانچہ مسند امام احمد رحمہ اللہ سے ثابت ہوتا ہے کہ دنیا میں ہنرمندی کا آغاز عورت کی ذات سے ہوا۔ حضرت آدم اور حوا علیہما السلام کو جب جنت سے زمین پر اتارا گیا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام روئی لے کر آئے اور حضرت حوا کو سوت کاتنے کا طریقہ سکھایا تو انہوں نے اپنے اور جناب آدم علیہ السلام کے لئے لباس تیار کیا۔(92) آنحضور ﷺ کا فرمان ہے:

((خیر الهوا للمؤمن السباحة و خیر الهوا للمراة الغزل)) (93)

''مرد مومن کا بہترین مشغلہ تیرا کی ہے اور عورت کا اچھا مشغلہ کاتنا ہے''۔

حضرت زینب بنت جحش (م 20ھ/ 640ء) چمڑے کی دباغت کرتیں۔ سوئی کا کام کرنے اور مشکیں سینے میں ماہر تھیں۔(94) حضرت خدیجہ (م 3 قبل ہجری/ 619ء) تجارت کے ساتھ ساتھ شراکت کی بنیاد پر کاروبار کرتی تھیں۔ ڈاکٹر حمید اللہ کے مطابق اگر آپ جیسی رفیقِ سروعلن نہ ہوتیں تو عالم اسباب میں معلوم نہیں کہ اسلام کا آغاز بھی ہوسکتا یا نہیں اور بہت سے دیگر انبیاء سلف کی طرح آنحضور ﷺ بھی بہت محدود کارکردگی کے ساتھ دنیا سے رخصت ہو جاتے۔(95)

حضرت قیلہ ام بنی انمار بھی تجارت کرتی تھیں۔ آنحضور ﷺ نے انہیں ہدایت کی تھی کہ جب کوئی چیز خرید کرو تو ایک قیمت لگا دو خواہ وہ چیز اس قیمت پر تمہیں ملے یا نہ ملے اور جب کوئی چیز فروخت کرو تو بھی ایک قیمت بتاؤ خواہ وہ چیز کوئی خرید کرے یا نہ کرے۔(96)

عہد رسالت میں خواتین باغبانی، کھیتی باڑی بھی کرتی تھیں اور باغات وکھیتی کی بیع وشرا (خرید وفروخت) بھی کرتی تھیں۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ (م 71ھ/ 690ء) کی خالہ کو عدت طلاق کے دوران آنحضور ﷺ نے باغات کاٹنے اور فروخت کرنے کی اجازت دی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ باغ میں جاؤ کھجور کے درخت کاٹو اس رقم سے صدقہ کرو۔(97) حضرت عمرؓ (م 24ھ/ 643ء) کے زمانے میں اسماء بنت مخربہ اور خولہ بنت ثویب عطر کا کاروبار کرتی تھیں۔(98)

حضرت اسماء بنت ابی بکر (م 73ھ/ 692ء) کھیتی باڑی میں اپنے شوہر حضرت زبیر بن عوام کی مدد کرتیں اور ایک اور صحابیہ اپنے کھیت میں چقندر کی کاشت کرتی تھیں۔(99) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ (م 32ھ/ 652ء) کی زوجہ محترمہ نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا کہ میں ایک ماہر اور کاریگر عورت ہوں۔ مختلف اشیاء بنا کر فروخت کرتی ہوں۔ میرے شوہر اور بچوں کا کوئی ذریعہ آمدن نہیں تو کیا مجھے ان پر خرچ کرنے کا اجر ملے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا:

''ہاں خرچ کرو تم کو اس پر اجر ملے گا''۔(100)

زیاد بن سکن کے مطابق حضرت ام سلمیٰ (م 59ھ/ 678ء) کے ہاتھ میں تکلا ہوتا ہے اور سوت کاتا کرتی تھیں۔ زیاد نے اس کی وجہ پوچھی تو انہوں نے فرمایا کہ یہ تکلا (محنت) انسان کو فاسد خیالات سے دور کرتا ہے کیونکہ

آنحضور ﷺ کا فرمان ہے تم سے زیادہ اجر پانے والا وہ ہے جو تم میں زیادہ طاقت والا ہو۔(101)

عہدِ رسالت میں عورتوں کی توقیر

قرآن حکیم سیرت الرسول کا سب سے اہم اور بنیادی ماخذ ہے۔(102) اس کتاب مقدس میں عہدِ رسالت کے تہذیب وتمدن کے متعلق بھی واضح اشارات ملتے ہیں۔قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿فَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً. وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ (103)

''جو شخص نیک اعمال کرے خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور وہ مومن بھی ہو تو ہم اسے دنیا میں پاک زندگی سے زندہ رکھیں گے اور آخرت میں ان کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے''۔

مولانا امین احسن اصلاحی (م 1418ھ/1997ء) اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''اچھی اور پاکیزہ زندگی بسر کرانے کا یہ وعدہ دین و دنیا دونوں اعتبار سے ہے..... یہ اہل ایمان کی روحانی بادشاہی ہے اس کا اندازہ وہ لوگ نہیں کر سکتے جو ایمان کی قوت اور اس کی حلاوت سے ناآشنا ہیں۔آیت میں یہ وعدہ تصریح کے ساتھ مردوں اور عورتوں دونوں کے لئے مذکور ہے۔بظاہر اس تصریح کی ضرورت نہیں تھی لیکن اس کا ایک خاص محل ہے وہ یہ کہ اس دور میں جس طرح مسلمان مرد اپنے ایمان پر ثابت قدم رہنے کے لئے نہایت کڑے امتحانات سے گزر رہے تھے اسی طرح بہت سی خواتین بھی اپنا ایمان بچائے رکھنے کے لئے جان کی بازی لگائے ہوئے تھیں اور ان کا امتحان کمزور عنصر ہونے کے سبب سے مردوں کے امتحان سے بھی زیادہ سخت تھا۔یہاں قرآن نے مردوں کے ساتھ خاص طور پر عورتوں کی تصریح کر کے ان کی دلداری اور حوصلہ افزائی کر دی کہ اگر انہوں نے ایمان اور عمل صالح کی زندگی بسر کرنے کا عزم کر لیا ہے تو اللہ تعالیٰ ان کو ضرور پاکیزہ زندگی بسر کرائے گا۔شیاطین اس نعمت سے ان کو محروم نہیں کر سکتے۔اللہ تعالیٰ اس کا موقع ان کو نہیں دے گا''۔(104)

مرد وزن کو عمدہ اور پاکیزہ زندگی بسر کرانے کا وعدہ عہد رسالت میں سچ ثابت ہوا کہ عورت زندگی کے ہر شعبہ میں باوقار تھی۔ تاریخی حقائق سے ظاہر ہے اُم شریک غزیہ نے قبول اسلام کے ساتھ ہی تبلیغ اسلام کا کام شروع کر دیا۔ آپ یمن کے قبیلہ دوس سے تعلق رکھتی تھیں۔ حضرت سمیہ (6ق ھ) کا تعلق ایران کے علاقہ کسکر سے تھا۔ حضرت یاسر کی زوجہ اور حضرت عمار کی والدہ تھیں آپ پہلی مسلمان شہید خاتون ہیں۔

فاطمہ بنت خطاب ان چند قریشی عورتوں میں سے تھیں جو لکھنا پڑھنا جانتی تھیں۔(105) حضرت عمر (م 24ھ/ 643ء) کی بہن تھیں حضرت عمر ان کی تلاوت سن کر مسلمان ہوئے ان کے متعلق حضرت اقبال (م 1357ھ/ 1938ء) نے کہا:

توی دانی کہ سوز قرات او
دگرگوں کرد تقدیر عمر را (106)

ابولہب کی آزاد کردہ لونڈی حضرت ثویبہ تھیں یہ آنحضور ﷺ کی رضاعی والدہ بھی تھیں۔ شفا بنت عبداللہ العدویہ حضرت عمر کی رشتہ دار تھیں حضرت عمر نے مدینہ کے بازار کی نگران انہیں مقرر کیا۔ ممکن ہے کہ وہ عہد نبوی میں یہ کام کرتی رہی ہوں ورنہ حضرت عمرؓ اتنی بڑی جرأت نہ کرتے۔ حضرت سعدی بنت کریز کی تبلیغ سے حضرت عثمان مسلمان ہوئے آپ ان کی خالہ تھیں۔

ام سلیم بنت ملحان غزوہ حنین میں شریک ہوئیں۔ ان کے شوہر ابوطلحہ ان کی تبلیغ سے مسلمان ہوئے۔ ام ورقہ حافظہ قرآن تھیں۔ لوگوں کو قرآن پڑھایا کرتی تھیں۔

ابن سعد کے مطابق مدینہ میں آنے والے وفود کا قیام وطعام بھی ایک انصاری خاتون کے گھر ہوتا تھا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضور پاک ﷺ کی تربیت یافتہ خواتین کس قدر باصلاحیت اور باہمت تھیں۔

صحابیات اپنے شوہروں، ملازموں، لونڈیوں، رشتے داروں اور سہیلیوں کو اسلام کی دعوت دیتی تھیں۔ حضرت اُم حبیبہ (م 44ھ/ 664ء) بنت ابی سفیان کے شوہر عبداللہ بن جحش اور حضرت سودہ (م 23ھ/ 643ء) کے شوہر سکران دونوں حبشہ جا کر مرتد ہو گئے لیکن یہ باعزم اور باحوصلہ خواتین اسلام پر قائم رہیں بعد ازاں ان دونوں کو ام المومنین بننے کا شرف حاصل ہوا۔

شرائع سابقہ، عرب جاہلیہ اور اسلام

* ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمٰن

شرائع سابقہ، عرب جاہلیہ اور اسلام کے حوالے سے قدیم علماء کے ہاں تین سوالات پر تفصیلی بحث پائی جاتی ہے، ذیل میں اختصار کے ساتھ اسے پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

① کیا قبل از بعثت نبی اکرم ﷺ کی عبادت کسی شریعت کے مطابق تھی؟

② کیا بعثت نبوی ﷺ کے بعد شریعت سابقہ پر عمل جاری رہا؟

③ عرب جاہلیہ کے رسوم ورواج سے متعلق اسلام نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا ہے؟

علماء نے اس سلسلے میں اختلاف کرتے ہوئے تین مختلف مسالک اختیار کیے ہیں۔ چنانچہ پہلے سوال پر جمہور متکلمین اور بعض مالکی فقہاء کا موقف یہ ہے کہ قبل از بعثت نبی اکرم ﷺ کی عبادت کسی شریعتِ سابقہ کے مطابق نہیں تھی جب کہ احناف وحنابلہ، ابن الحاجب اور قاضی بیضاوی اس کے اثبات کے قائل ہیں اور بعض محققین مثلاً امام غزالی، امام آمدی اور قاضی عبدالجبار وغیرہ توقف کے قائل ہیں، کیوں کہ اس کے وقوع کی کوئی قطعی دلیل موجود نہیں(1)۔ جو حضرات اثبات کے قائل ہیں ان کے ہاں تعیین شریعت میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ کسی نے اوّلیت کی مناسبت سے اسے حضرت آدم علیہ السلام کی شریعت قرار دیا ہے۔ کسی نے آیت ﴿شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا﴾(2) کی رعایت سے اسی طرح حضرت نوح علیہ السلام کی شریعت قرار دیا ہے۔ کسی نے فحوائے ﴿اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ﴾(3)، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت سمجھی ہے۔ (اور یہی قول راجح ہے) بعض نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بعض نے برعایت قرب زمانی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت ہونے کی طرف میلان ظاہر کیا ہے۔ احناف نے مجموعی طور پر جملہ شرائع کو قرین قیاس سمجھا ہے(4)۔

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، مدیر "فکر ونظر" ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

اثبات اور نفی دونوں آراء رکھنے والوں کے اپنے اپنے دلائل ہیں اور وہ ایک دوسرے کے دلائل کا رد بھی پیش کرتے ہیں۔

اب دوسرے سوال یعنی بعد از بعثت، شریعت میں شرائع سابقہ کی حیثیت کی طرف آیئے۔ اساسی عقائد کے سلسلے میں کوئی اختلاف نہیں، کیوں کہ ہماری شریعت، سابقہ شریعتوں کا کلی طور پر نسخ نہیں کرتی۔ چنانچہ ایمان کا وجوب نیز کفر، زنا، چوری اور قتل کی حرمت بدستور موجود ہیں۔ دیگر احکام کی صورت میں یہ کہ جن کا ذکر ہماری شریعت (کتاب وسنت) میں نہیں آیا، یا جن کو ہماری شریعت نے منسوخ کر دیا، وہ متفقہ طور پر ہمارے لیے شریعت کی حیثیت نہیں رکھتے اور جن احکام کا ہماری شریعت میں اثبات کیا گیا مثلاً ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ﴾ وہ بالاتفاق ہمارے لیے واجب العمل ہیں(5)۔

اختلاف اس امر میں ہے کہ سابقہ شریعتوں کے جن احکام کا ثبوت قرآن یا حدیث میں اس طرح ملتا ہے کہ نہ انہیں منسوخ کیا گیا ہے اور نہ عائد، ان کی حیثیت کیا ہے؟ پہلے سوال کی طرح یہاں بھی تینوں اختلافی مؤقف ملتے ہیں۔ جمہور احناف و مالکیہ نیز بعض شوافع اور ایک روایت کے مطابق امام احمد رحمہ اللہ کا مسلک یہ ہے کہ سابقہ تحریف شدہ الہامی کتابوں کی رُو سے نہیں بلکہ اس اعتبار سے کہ ہمارے نبی ﷺ کو بذریعہ وحی سابقہ شرائع کے ان احکام کا علم ہوا ہے، یہ ہمارے لیے شرعی حیثیت رکھتے ہیں، جب تک کہ ہماری شریعت میں ان کے خلاف کوئی حکم وارد نہ ہوا ہو(6)۔ اشاعرہ، معتزلہ، شیعہ اور اکثر شافعی فقہاء کے ہاں نیز ایک روایت کی رُو سے امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ہم سے پہلے کی شرائع ہمارے لیے شرعی حیثیت نہیں رکھتیں، اسی مؤقف کو امام غزالی، امام آمدی، امام رازی، اور امام ابن حزم الظاہری رحمہم اللہ اور دیگر بہت سے علماء نے اختیار کیا ہے(7)۔

ابن القشیری اور ابن برہان نے تیسرا مؤقف اختیار کیا ہے، یعنی جب تک کوئی دلیل صحیح نہ ملے توقف سے کام لیا جائے، دلائل اور جوابی دلائل کا سلسلہ یہاں بھی موجود ہے، مثال کے طور پر قائلین اثبات ﴿أُولَٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ﴾ اور ﴿إِنَّآ أَنْزَلْنَا التَّوْرٰةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ﴾(9) جیسی آیات سے استدلال کرتے ہیں۔

جواب دینے والے یہ کہتے ہیں کہ پہلی آیت میں ﴿هُدًى﴾ سے مقصود وہ نورِ ہدایت ہے۔ جو سب

انبیاء علیہم السلام میں مشترک ہے۔ یعنی اساسی عقائد اور کلیاتِ خمسہ (نفوس، عقول، انساب، دین اور اموال کا تحفظ) اور دوسری میں ﴿ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ ﴾ خبر کا صیغہ ہے، امر کا نہیں۔ اسی طرح قائلین اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو قاضی بنا کر یمن بھیجا اور پوچھا کہ وہ کس بنیاد پر فیصلہ کریں گے تو انہوں نے کتاب وسنت کے بعد اجتہاد کا ذکر کیا۔ حضور ﷺ نے اسے درست قرار دیا اور شرائع ماقبل کے اتباع کی ہدایت نہیں فرمائی۔ اس طرح حدیث ((كان النبي يبعث الى قومه خاصة و بعثت الى الناس عامة)) سے یہ استدلال کیا جاتا ہے کہ سابقہ شریعتیں انبیائے سابقین علیہم السلام کی اپنی قوم کے لیے مخصوص تھیں اور شریعہ اسلامیہ سب پر محیط اور سب کی ناسخ ہے۔ جواب میں یہ کہا جاتا ہے کہ حدیث معاذ میں شرائع ماقبل کا الگ ذکر کرنے کی ضرورت اس لیے نہ تھی کہ وہ قرآن میں شامل ہیں یا اس لیے کہ ان کی ضرورت نسبتاً کم مسائل میں پڑ سکتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہماری شریعت گزشتہ شریعتوں کو مطلقاً منسوخ نہیں کرتی، چنانچہ قصاص کا حکم، زنا اور چوری کی حدود ہمارے ہاں باقی رہیں، وغیرہ وغیرہ۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ نے اپنے مخصوص پیرایہ بیان میں اس موضوع کو اس طرح بیان فرمایا:

> ”جس طرح ہر ایک دین کے عقائد جن کی تبلیغ کے لئے کوئی نبی مبعوث ہوا ہے ایک ہیں، اسی طرح بنیادی نیکیاں بھی ایک جیسی ہیں، چنانچہ ہر ایک دین میں جو خدائے پاک کی طرف سے نازل ہوا ہے، طہارت، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کو فرض قرار دیا گیا ہے (یہ الگ بات ہے کہ ان کا طریق ادا ایک دوسرے سے مختلف ہو) نوافل عبادت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنے کی تعلیم ہر ایک دین میں موجود ہے مثلاً مرادوں کو پورا ہونے کے لیے دُعا مانگنا، صبح وشام اللہ تعالیٰ کی یاد میں مشغول رہنا جس کے لیے ذکر کا لفظ شروع میں استعمال ہوتا ہے، نیز کتاب منزّل کی تلاوت کرنا اور اس کو ثواب سمجھنا۔ اس بات پر بھی سب انبیاء علیہم السلام کا اتفاق ہے کہ مثلاً نکاح جائز ہے اور سفاح حرام و ناجائز ہے۔ جو حکومت دنیا میں قائم ہو، عدل وانصاف کی پابندی کرنا اور کمزوروں کو ان کے حقوق دلانا اس کا فرض ہے۔ اس طرح یہ بھی اس کا فرض ہے کہ مظلوم اور جرائم

کا ارتکاب کرنے والے کو کیفر کردار تک پہنچائے۔

عموماً ہر ایک نبی کو یہ حکم ہوتا ہے کہ وہ اعدائے دین کے ساتھ جہاد کرے اور اللہ تعالیٰ کے دین اور اس کے احکام کی اشاعت و تبلیغ میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھے۔ یہ دین کے وہ اصول ہیں جن پر سب ادیان کا اتفاق ہے۔ اس لیے تم دیکھو کہ قرآن میں ان باتوں کو مسلمات کے پیرایہ میں پیش کیا گیا ہے اور ان کی توجیہہ نہیں کی گئی۔ مختلف ادیان میں اگر اختلاف ہے تو وہ فقط ان احکام کی تفاصیل اور جزئیات اور طریق ادا کے متعلق ہے۔ مثلاً موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں یہ حکم تھا کہ نماز پڑھتے وقت بیت المقدس کی طرف منہ پھیر لیا کریں، برخلاف اس کے ہمارے رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا گیا کہ وہ خانہ کعبہ کی طرف رُخ کریں۔ اسی طرح موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں زانی کی سزا رجم یعنی کہ اس کو سنگسار کیا جائے، لیکن ہماری شریعت میں شادی شدہ کے لیے رجم اور غیر شادی شدہ کے لیے سو (100) دُرّے مارنا سزا مقرر ہے، علی ہذا القیاس۔ شریعت موسوی میں قتل عمد کی سزا قصاص ہے اور قرآن مجید نے دیت (خون بہا) کو بھی جائز قرار دیا ہے۔ (جب کہ مقتول کے وارث راضی ہوں) عبادات کے اوقات و ارکان میں جو اختلاف ہے وہ اسی قبیل سے ہے۔ انہی اوضاع خاصہ اور ارتفاقات کی صورت ہائے مخصوصہ کو (جو حالاتِ حاضرہ کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہیں) شرعۃ اور منہاج کہتے ہیں'' (10)۔

عرب جاہلیہ اور اسلام

یہ تو سابقہ شریعتوں سے متعلق اسلام کا رویہ تھا جسے علماء کی آراء کی روشنی میں پیش کیا گیا، اب اس سے تھوڑا آگے بڑھ کر ہمیں اس بحث کو بھی چھیڑنا ہے کہ قرآن کے اوّلین مخاطب عربوں کے متعلق اسلام نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا۔ اس رجحان و رویہ کا اندازہ لگانے کے لیے احادیثِ طیبہ بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔

آنحضرت ﷺ کی احادیثِ طیبہ کا بغور جائزہ لیں تو دونوں طرح کا طرزِ عمل سامنے آتا ہے یعنی بعض چیزوں کو بالکل مسترد کر دیا گیا اور اس معاشرے میں جو خیر کے پہلو تھے ان کو قبول کرنے میں کوئی تامل نہیں کیا، بلکہ وہ

اشخاص جو زمانہ جاہلیت میں عزت و احترام رکھتے تھے جب اسلام لائے تو آنحضرت ﷺ نے انہیں اسی قدر و منزلت سے سرفراز فرمایا، ارشادِ رسالت مآب ﷺ ہے:

((خیارهم فی الجاهلیة خیارهم فی الاسلام اذا فقهوا))(11)۔

''لوگوں میں جو جاہلیت میں بہتر تھے، اسلام میں بھی بہتر ہیں، اگر دین کی سمجھ حاصل کر لیں''

علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

((و یرید بقوله خیارهم اذا فقهوا ان من کانت له' ماثرة و شرف فی الجاهلیة فأسلم وفقهه فی الدین احرز ماثرته القدیمه و شرفه الثابت الی ما استفاده من المزید بحق الدین ومن لم یسلم فقد هدم شرفه وضیع قدیمه))(12)۔

''آپ ﷺ کے قول (خیرهم اذا فقهوا) سے مراد یہ ہے کہ جس کسی کو زمانہ جاہلیت میں شرف و امتیاز حاصل تھا اور پھر وہ اسلام لے آیا اور دین کی سمجھ بوجھ پیدا کر لی تو اس نے اپنے امتیاز قدیم اور شرف ثابت کو ملا لیا، اس امتیاز کے ساتھ جو اسے دین کے سبب حاصل ہوا ہے اور جو اسلام نہ لایا، اس نے اپنے شرف کو منہدم کر دیا اور امتیاز قدیم کو ضائع کر دیا''۔

مثال کے طور پر عتاب بن اسید کو پیش کیا جا سکتا ہے جو فتح مکہ کے موقع پر ایمان لائے، وہ اس وقت مکہ کے ''گورنر'' تھے (13) تو آنحضرت ﷺ نے انہیں اپنے منصب پر برقرار رکھا۔

ارشادِ رسالت مآب ﷺ ہے:

((یعمل فی الاسلام بفضائل الجاهلیة))(14)

''دورِ جاہلیت میں جو اخلاقی فضائل موجود تھے، دورِ اسلام میں بھی ان پر عمل جاری رہے گا''

اس کے لیے علاوہ اور مثالوں کے ''حلف الفضول'' کو بطورِ مثال پیش کیا جا سکتا ہے کہ بعثت کے بعد بھی آنحضرت ﷺ فرماتے تھے:

''اس معاہدہ کے مقابلے میں اگر مجھ کو سرخ رنگ کے اونٹ بھی دیئے جاتے تو نہ بدلتا اور آج بھی ایسے معاہدہ کے لیے کوئی بلائے تو میں حاضر ہوں'' (15)۔

لیکن اس کے ساتھ ساتھ دوسری طرف بھی واضح ارشادات موجود ہیں:

((كل دم و مال كان فى الجاهلية تحت قدمى هاتين))(16)

''دورِ جاہلیت میں جو کوئی خون یا مال کسی پر عائد ہوتا تھا وہ میرے ان دونوں قدموں کے نیچے ہے''۔

((كل ربا من الجاهلية موضوع))(17)

''جاہلیت کا ہر سود ختم کیا جاتا ہے''۔

((كل دين فى الجاهلية موضوع))

''زمانہ جاہلیت کا ہر قرض ختم کیا جاتا ہے''۔

عرب جاہلیہ کی روایت سے متعلق شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی رائے

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

''شارع اسلام نے عرب اوّل کے عرف کو اس لیے ملحوظ رکھا کہ وہ اسلامی احکام کے اوّلین مخاطب تھے، اکثر احکام شریعہ میں انہی کی ذہنیت اور انہی کی عادات کو ملحوظ رکھا گیا'' (19)۔

حجۃ اللہ البالغہ میں ہی چند صفحات آگے چل کر شاہ صاحب نے اس کی تفصیل بیان فرمائی:

''جاہلیت کے زمانہ میں سود خوری عام ہوگئی تھی، اس لیے اس کے جاری رکھنے سے منع کیا گیا۔ آنحضرت ﷺ کے دادا عبدالمطلب نے خون بہاء کی مقدار دس اونٹ مقرر کی تھی، لیکن کچھ عرصہ کے بعد جب انہوں نے دیکھا کہ لوگ قتل ناحق سے باز نہیں آتے تو انہوں نے اس کی مقدار ایک سو (100) اونٹ تک بڑھا دی، پیغمبر خدا ﷺ نے اس کو برقرار رکھا

''قسامۃ'' جس کا حدیثوں میں ذکر آتا ہے اس کو سب سے پہلے ابو طالب نے رواج دیا۔ عرب کا دستور تھا کہ قوم کا رئیس ان کی آمدنی سے چوتھا حصہ وصول کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے اسی کو اور بھی گھٹا کر مال غنیمت میں سے 1/5 حصہ بحق سرکار لینے کا حکم نافذ کیا، عشر اور خراج آپ کی بعثت سے قبل کیقباد اور اس کے بیٹے نوشیرواں نے اپنی رعیت پر عائد رکھا تھا، شرع نے بھی تقریباً اس کو بحالہ قائم رکھا۔ بنی اسرائیل میں زانی کو رجم کی سزا دینا، چور کا ہاتھ کاٹنا اور جان کے بدلے جان، اور آنکھ کے بدلے آنکھ وغیرہ، سزائیں مقرر تھیں۔ شریعت محمدیہ ﷺ نے ان میں کوئی ترمیم و تنسیخ نہیں کی'' (20)۔

اس ضمن میں مشہور برطانوی محقق N.J.Coulson کی رائے بھی قابل غور ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

"Sunnite political theory represents an amalgam of Islamic Principles and Pre-Islamic Practice-rule by the traditional tribal aristocracy subject to the dictates of the religious law. Ithna-ashrite political theory, on the other hand, renounces any connection with Pre-Islamic Practice and sees the sole source of authority to lie in the founder-Prophet and his attributes as a religious leader. The respective attitude adopted by the two groups towards the relationship between the Qur'anic laws and Pre-Existing custom are not only directly parallel with their district political concepts but are a necessary and integral part of them. Juristically as well as Islam meant a re-orientation and modification of existing practice for the Sunnites, while for the Ithna-Asharites it marked a completely new point of departure" (21).

''سیاست کا سنی نظریہ اسلامی تعلیمات اور قبل از اسلام کے معاشرتی رواج کا ایک آمیزہ پیش کرتا ہے۔ قبائلی سطح کا روایتی نظام سرداری، جسے شریعت کے احکام کا پابند کر دیا گیا ہو''

دوسری طرف سیاست کا اثنا عشری نظریہ ہے جو قبل از اسلام کے رسم و رواج سے کسی طرح بھی وابستگی کو رد کرتا ہے۔ یہ نظریہ بانیٔ اسلام یعنی پیغمبر کی ذات و صفات کو اقتدار کا سرچشمہ تصور کرتا ہے، احکام قرآنی اور زمانہ ماقبل کے رسم و رواج کے ربط باہمی سے متعلق دونوں نظریات کا رویہ نہ صرف ان کی اپنی اپنی سیاسی روایات کے عین متوازی ہے بلکہ ان کا ایک لازمی اور بنیادی حصہ بھی ہے۔ فقہی اور سیاسی دونوں اعتبار سے اسلام اہل سنت کے لیے رائج الوقت معاشرت کی اصلاح یا تشکیل نو سے عبارت تھا جب کہ اثنا عشریوں کی نگاہ میں اس کی راہ یکسر الگ تھی''۔

اس بحث کے بعد ضروری معلوم ہوتا ہے کہ مختصراً یہ بھی واضح کیا جائے کہ احکام اسلامی اور رسوم و رواج کو جاننے کے لیے عرب جاہلیہ کے معاشرتی خط و خال سے واقفیت کیوں ضروری ہے؟ اور اس واقفیت کے بغیر اسلام کے مصدر اوّل قرآن مجید کے معانی و مفاہیم کا تعین مشکل ہی نہیں بلکہ بعض مقامات پر ناممکن ہو جاتا ہے۔

قرآن مجید اور عہدِ نبوی ﷺ کے نظام و معاشرہ کو سمجھنے کے لیے عرب جاہلیہ کے نظام سے واقفیت کی ضرورت

